مسلمانوں کو چاہیے اپنے لیے مخلص قیادت چنیں۔ آج مسلمان جس بدحالی کا شکار ہیں، اس کی سب سے بڑی وجہ سے مخلص قیادت کا فقدان ہے۔ یہ جمود بڑے عرصے سے جاری ہے۔ ہمارے ملک سے شفاف قیادت کا خاتمہ اور پھر آج کے تک اس کی واپسی نہ ہونا، ہمیں یہ احساس دلا رہا ہے کہ یہ اللہ تعالی کی طرف سے ایک سزا ہے۔ کیوں کہ جب اللہ تعالی کسی قوم پر اپنا فضل اور رحمت کرنا چاہتے ہیں تو اسے ایک مخلص قیادت نصیب فرماتے ہیں۔ اللہ تعالی اس وقت اپنا فضل اور رحم کرتے ہیں، جب قوم اپنے بُرے اعمال پر شرمندہ ہوتی ہے۔ گذشتہ ادوار میں موقع پرست اور اسلام بے زار سیاست دانوں اور لیڈروں کی قیادت پر ندامت اور شرمندگی کا اظہار کریں۔ خلوص سے تبدیلی چاہیں۔

بنی اسرائیل کی حالت انتہائی بری اور ناقابل برداشت تھی۔ ان پر عمالقہ سے ایک شدت پسند قوم مسلط ہوگئی تھی۔ اس وقت بنی اسرائیل نے عمالقہ کے تسلط اور غلبے سے نجات کی تمنا کی اور اللہ تعالی سے حضرت شموئیل علیہ السلام کے توسط سے مخلص قیادت کی آرزو کی۔ یہی وجہ تھی اللہ تعالی نے طالوت جیسا عظیم قائد انہیں نصیب فرمایا۔ ان کی قیادت میں بنی اسرائیل عمالقہ پر غالب آگئے۔ طالوت کے لشکر کے ایک نوجوان "داود علیہ السلام" نے عمالقہ کے سردار جالوت کو قتل کر ڈالا۔

ضروری ہے کہ مسلمان جہاں بھی ہیں، پہلے مرحلے میں موجودہ بری حالات کی تبدیلی کے خواہش مند ہو جائیں۔ دل کی گہرائی سے اپنی موجودہ حالت پر پشیمانی ظاہر کریں۔ اس کے بعد اللہ تعالی اپنے فضل اور کرم سے انہیں دردمند اور صالح قیادت نصیب فرمائیں گے۔

آج کا مسلمان امن و امان کی طرف لوٹ جائے۔ یہ کام کوئی مشکل نہیں ہے۔ اس کے لیے محض مضبوط ارادے کی ضرورت ہے۔ اس کام کے لیے صرف قیادت کی تبدیلی چاہیے۔ ایسے لوگوں کا تعین ہونا چاہیے جن کا پہلے سے تجربہ ہو چکا ہو اور ان سے مسلمانوں نے خوش حالی کے وہ دن دیکھے ہوں، جن کا آج صرف نام ہی لینے کو رہ گیا ہے۔ عوام کو پھر سے امارت اسلامیہ کے دور کی جانب پھرنا ہوگا۔ وہ دور، جو خلیفہ ثانی حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ کے دور کی زندہ مثال تھی۔ جس میں مرد عورت، غریب امیر، حاکم اور رعایا، بڑے اور چھوٹے سب برابر تھے۔ سب کے حقوق پورے پورے ادا کیے جاتے تھے۔ ہر طرح کے کرپشن اور شرعی کمزوریوں سے پاک قیادت تھی۔ اگر ہمارے عوام ایسا کریں گے تو نہ صرف غیروں کی کٹھ پتلیوں سے نجات ملے گی، بلکہ ایک بار پھر اپنے ملک کے طول و عرض میں عوام خوشی اور اطمینان کا سانس لے سکیں گے۔ یہ بے جا نہ ہوگا اگر ہم کہیں کہ پھر سے ایسا دور پائیں گے، جس کی مثال خیر القرون کے بعد کے ادوار میں نہیں ملتی۔

6- خانہ جنگی اور فسادات سے معاشرے کا تحفظ:

مسلمان اپنے معاشرے کو نظر انداز نہ کریں۔ معاشرے میں پیدا ہونے والے فساد کو ہلکا نہ سمجھیں۔ یہ فساد مختلف شکلوں میں ہمارے معاشروں میں پھیلا ہوا ہے۔ ہمارا معاشرہ فساد اور جنگ کے وسائل سے لبریز ہے۔ ہمارے باشعور مسلمانوں کو اس کی تطہیر کی کوششیں کرنی چاہییں۔

یہ درج بالا نکات وہ راستے ہیں، جن پر عمل کیا جائے تو مسلمان ایک بار پھر اپنی کھوئی ہوئی عزت اور بزرگی حاصل کر سکتے ہیں۔ ان ناگوار حالات سے پر امن ہو سکتے ہیں، جن کا آج کل سامنا ہے۔ علامہ اقبال اور سید جمال الدین افغانی نے مسلمانوں کی نشاۃ ثانیہ کے لیے آپس کے اتحاد اور اتفاق کو سب سے زیادہ ضروری قرار دیا تھا، مگر افسوس کہ آج کا مسلمان ان کی اس بات پر عمل کرنے کو تیار نہیں۔ مسلمان کو سمجھ لینا چاہیے کہ جب تک وہ گروہ بندی، فرقہ بندی اور لسانی تعصبات سے خود کو آزاد نہیں کرتا، تب تک دشمن اسے تباہ اور پامال کرتے رہیں گے۔

یہ آخری جنگ ہوگی!

انیسویں صدی کے اواخر میں یورپ میں سیاسی اور علاقائی حالت بہت تیزی سے بدل رہی تھی۔ جرمنی کی صنعتی ترقی نے اسے یورپ کی ایک بڑی قوت بنا دیا تھا۔ جرمنی کے خوف سے یورپ کی ایک اور بڑی قوت برطانیہ نے خطے کے ان مختلف ممالک سے اتحاد کیا اور اس کے لیے پہلے ہی سے تدبیروں کے جال بننے شروع کر دیے۔

اس طرح مختلف قوتوں کے درمیان علاقائی اتحاد بننے شروع ہوگئے۔ برطانیہ نے پہلے 1902 میں جاپان سے اتحاد کیا۔ اس کے بعد 1904 میں برطانیہ اور فرانس کے درمیان ایک معاہدے پر دستخط ہوگئے۔ اگرچہ یہ ایک بنیادی اتحاد نہ تھا مگر قریبی تعلقات کو مضبوط بنانے اور ایک دوسرے کے تعاون کے لیے اس کی اہمیت بہت زیادہ تھی۔ اسی طرح دوستی کا ایک اور معاہدہ برطانیہ، فرانس اور روس کے درمیان ہوا جو 1907 میں (The Triple Entente) کے نام سے طے پایا۔ جس کی وجہ سے یورپ دو گروپوں میں تقسیم ہوگیا۔ اس تقسیم کا ایک فریق جرمنی، اٹریس، ہنگری، سربیا اور اٹلی کا اتحاد تھا۔ اور دوسری طرف روس، فرانس اور برطانیہ کے ممالک کھڑے تھے۔

بنیادی طور پر یہ پہلی جنگ عظیم کے لیے تیاری تھی۔ یہ جنگ کسی بھی بھڑک سکتی تھی۔ پہلی جنگ عظیم کو بیسویں صدی کی پہلی جنگ بھی کہا جاسکتا ہے۔ مگر بنیادی طور پر یہ پہلی جنگ عظیم سے زیادہ بیسویں صدی کی پہلی سازش تھی۔ جو اگرچہ اس وقت شروع ہوا جب اٹریس کے ایک شہزادے کی موت سے شروع ہوا مگر اس جنگ کی بنیاد دو گروپوں میں یورپ کی تقسیم کر کے رکھی گئی تھی۔ پہلی جنگ عظیم کے سلسلے میں اتحادی قوتوں برطانیہ، فرانس، سربیا، روس، جاپان، اٹلی، یونان، پرتگال، رومانیہ اور امریکا کا مقابلہ محوری قوتوں جرمنی، اٹریس، ہنگری اور بلغاریہ سے تھا۔ خوف یا طاقت کے نشے میں بہت سے ممالک اس جنگ کا حصہ بن گئے۔ مگر جنگ کا پہلا جوش وخروش اس وقت سامنے آیا جب اس جنگ نے انتہائی مہنگے جنگ کی شکل اختیار کر لی اور خندقیں کھود لڑائی لڑی جانے لگی۔ کیوں کہ مغربی محاذ میں خندقوں اور قلعوں کا سلسلہ 475 کلومیٹر تک طویل کر دیا گیا تھا۔

پہلی جنگ عظیم میں روس اپنے اتحادیوں کی مدد کے لیے بلقان کے علاقے اور بحیرہ روم سے گذرنے لگا اور اس نے عثمانی سلطنت کے علاقوں اور سرحدوں پر حملے کیے تو مجبوراً سلطنت عثمانیہ کو بھی اس جنگ میں کھودنا پڑا۔ اس نے اپنے لیے محوری قوتوں کے اتحاد میں شامل ہونا پسند کیا۔ چونکہ یہ ایک جنگ سے زیادہ سازش تھی اس لیے یہ یورپی ممالک سے سمٹ کر عثمانی سلطنت کے حدود میں محدود ہوگئی۔ مغربی محاذ پر بنیادی طور پر پہلی جنگ عظیم 1918 میں 11 نومبر کو صبح 11 بجے ختم ہوئی۔ جنگ سے جرمنی کے نکلنے کے بعد محوری قوتوں کا اتحاد بھی ٹوٹ گیا۔ اس طرح جنگ کا بنیاد مقصد سامنے رکھتے ہوئے اتحادی ممالک عثمانی سلطنت کو گرانے میں ناکام رہے۔ ان حالات نے اسلامی دنیا پر انتہائی غلط اثر ڈالا۔ چونکہ خلافت عثمانیہ جرمنی کا ساتھی تھا اس لیے اس جنگ کا بڑا نقصان خلافت عثمانیہ پر بھی ڈالا گیا۔

انگریزوں نے عربوں کو ترکوں کے خلاف جنگ پر ابھارا اور اس طرح عثمانی خلافت میں مسلمانوں کے درمیان جنگ شروع ہوگئی۔ اس جنگ میں اکثر علاقے ترکی حکمران کے اقتدار سے نکل گئے۔ اور انجام کار مسلمانون کے اتحاد کی علامت خلافت عثمانیہ بھی ختم ہوگئی۔ یہ جنگ 96 سال قبل 1919 میں 28 جون کو دونوں فریقوں کے درمیان معاہدے کے بعد رک گئی۔ جس کے اثرات عالمی، سیاسی، معاشرتی اور اقتصادی صورتحال پر کئی عشروں تک جاری رہے۔

پہلی جنگ عظیم سے ظلم اور درندگی میں اضافہ ہوا۔ برداشت اور حوصلے میں انتہائی کمی آئی۔ اتحادی اور محوری کے نام سے قائم اتحادوں میں آہستہ آہستہ دنیا کے بہت سے ممالک نے حصہ لیا۔ اس طرح پوری دنیا اس جنگ کی لپیٹ میں آگئی۔ یہ جنگ اس دنیا کی نئی تاریخ میں سب سے ہولناک جنگ تھی جس میں پہلی مرتبہ جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کیا گیا۔ پہلی بار دنیا نے کیمیائی اور زہریلے گیسوں کا استعمال دیکھا۔ یہ پہلی جنگ تھی جس میں بحری کے علاوہ فضائی حملے بھی کیے گئے۔ اس جنگ عظیم میں دونوں فریقین کے بیس ملین سے زیادہ فوجی اور عام افراد ہلاک ہوگئے اور بیس ملین سے زیادہ لوگ دائمی معذور اور معیوب ہوگئے۔

محترم قارئین! آج پھر وہی جنگ عظیم اول کی سی وحشت اور درندگی نظر آنے لگی ہے۔ وہ جنگ جس کا پہلا محرک اور سبب صرف ایک شہزادے کی ہلاکت تھی۔ اور ایک موت کے بہانے بیس ملین سے زیادہ لوگوں کو موت کے کنویں میں دھکیلا گیا۔ دوسری طرف جنگ سے احتراز کرنے والی عثمانی سلطنت کو بھی جنگ میں کھینچ کر لایا گیا اور ٹکڑے ٹکڑے کر دیا گیا۔

پہلی جنگ عظیم میں بھی روس نے ترکی کے سرحدوں کے خلاف تجاوز کیا اور ترکی کو جنگ میں داخل ہونے پر مجبور کر دیا اور اب ایک بار پھر پہلی جنگ عظیم کی طرح ترکی کی فضائی سرحدوں کی پامالی کی گئی۔ اب صرف ایک روسی طیارے کے گرانے کے بہانے نہ صرف تیسری عالمی جنگ کی باتیں ہونے لگی ہیں بلکہ اسلامی دنیا کی ایک مضبوط قوت ترکی کو پھر سے گرانے اور توڑنے کی باتیں ہونے لگی ہیں۔

یہ حقیقت ہے کہ سو سال قبل یورپ کے مرد بیمار یعنی ترکی سب سے الگ الگ لڑنے کی قوت نہیں رکھتا تھا یہی وجہ تھی کہ ترکی اتحادی ممالک کا مقابلہ نہ کر سکا اور نہ اپنے علاقے بچا سکا۔ مگر روس کو شاید معلوم نہیں کہ اب ترکی یورپ کا وہی مرد بیمار نہیں رہا۔ اگرچہ اس کے پاس ایٹمی قوت نہیں ہے مگر ترکی اپنی پالیسیوں اور اقتصادی قوت کی وجہ سے اسلامی دنیا کا ایک ممتاز اور نمایاں ملک ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ صرف ایک طیارے کے گرانے سے تیسری جنگ عظیم شروع نہیں ہوگی لیکن اگر ایسا ہوا تو یہ آخری جنگ ہوگی۔

★★★

2015 کی جہادی سرگرمیوں پر ایک نظر

عبدالرؤف حکمت

2015 میں جارحیت کے خلاف جہادی سرگرمیاں عروج پر رہیں۔ گزشتہ چودہ سال کے دوران 2015 فتوحات اور خوش خبریوں کے لحاظ سے حوصلہ افزاء تھا۔ اس سال کے دوران مختلف واقعات اور تبدیلیاں رونما ہوئیں۔ سیاسی، عسکری، فکری اور معاشرتی لحاظ سے وقوع پذیر ہونے والے واقعات کو لکھنا، ایک مشکل کام ہے۔ اس لیے صرف جہادی سرگرمیوں کے چند اہم واقعات، فتوحات اور پیش قدمیوں کے بارے میں چند سطور پیش خدمت ہیں۔

2015 کی ابتداء:

اس سال کی ابتداء میں مجاہدین کی کامیاب کارروائیاں شروع ہو چکی تھیں۔ جنوری میں سردی کی شدت کے باعث عام طور پر مجاہدین کی جہادی سرگرمیاں بھی سرد پڑ جاتی ہیں، لیکن گزشتہ سال جنوری میں سردی کے باجود مجاہدین کے شدید حملوں اور عسکری کارروائیوں نے دشمن کو حواس باختہ کر دیا تھا۔ 4 جنوری کو قندوز کے دو اہم کمانڈروں، ضلع برکی برک میں ظالم کمانڈر خلیل اور غزنی کے ضلع قرہ باغ میں وحشی کمانڈر کو ہلاک کیا گیا۔ اگلے روز کابل کے حلقہ نو میں اور ننگرہار کے ائیرپورٹ پر قابض فوجیوں پر فدائی حملے ہوئے، دونوں حملوں میں متعدد جارحیت پسند ہلاک ہوئے۔ 6 جنوری کو بدخشان کے ضلع تگاب پر مجاہدین نے بڑا حملہ کیا۔ 7 جنوری کو خوست میں پولیس اکیڈمی پر فدائی حملے ہوئے۔ مرکزی بغلان میں 12 فوجی ہلاک اور 12 سرنڈر ہوئے۔ 10 جنوری کو پکتیکا کے گورنر کے قافلے کو نشانہ بنایا گیا۔ 12 جنوری کو زابل کے ضلع میزان کے پولیس چیف کو ہلاک کیا گیا، جب کہ ہلمند کے ضلع نوزاد میں فورسز میں شامل ایک مجاہد نے کمانڈر سمیت ضلعی عمارت میں موجود تمام اہل کاروں کو ہلاک کیا۔ 14 جنوری کو ضلع المار میں پولیس چیف اور ایک اعلی افسر کو ہلاک کیا گیا۔ 18 جنوری کو ہلمند کے دارالحکومت لشکرگاہ میں پولیس پر فدائی حملہ کیا گیا۔ 21 جنوری کو صوبہ غور کے دارالحکومت کے قریب درجنوں اہل کار سرنڈر ہوئے۔ اسی روز قندوز میں طالبان نے وسیع علاقے پر اپنا کنٹرول سنبھال لیا۔ اس کے علاوہ معمول کے مطابق ہر روز دشمن پر حملے ہو رہے تھے۔ ہر گزرتے دن کے ساتھ ان حملوں میں اضافہ ہو رہا ہے، جس کے بعد وسیع فتوحات کا سلسلہ شروع ہوا۔

مفتوحہ علاقے، اضلاع اور فوجی اڈے:

2015 میں مجاہدین کی کامیابیاں، فتوحات اور وسیع علاقے واپس حاصل کرنے کا سلسلہ شروع ہوا۔ مجاہدین نے پہلے بڑے پیمانے پر دشمن کی چوکیوں، فوجی اڈوں اور اضلاع پر سفید پرچم لہرایا۔ اللہ تعالی کی مدد سے مجاہدین نے ملک بھر میں بہت سارے علاقوں پر دوبارہ کنٹرول قائم کرلیا ہے، جس کی تفصیل کچھ اس طرح ہے۔

2015 میں مجاہدین نے صوبہ قندوز اور ملک بھر کے 34 اضلاع پر قبضہ کیا، جن میں سے اکثر صوبوں پر مجاہدین کا کنٹرول برقرار ہے۔ جن اضلاع پر مجاہدین نے دوبارہ کنٹرول حاصل کیا ہے اور اب تک مجاہدین کے زیر کنٹرول ہیں، ان میں صوبہ فراہ کے ضلع بکواہ، خاک سفید، بالا بلوک، گلستان، صوبہ بادغیس کے ضلع جوند، صوبہ غور کے ضلع چارسدہ، صوبہ پنجشیر کے ضلع عبداللہ خیل، صوبہ بدخشان کے ضلع یمگان، بھارک، صوبہ بغلان کے ضلع تالہ وبرفک، صوبہ ہلمند کے ضلع نوزاد، موسی قلعہ، سنگین، خانشین اور باغران، صوبہ ہرات کے ضلع غوریان، قندوز کے ضلع چہادرہ، دشت ارچی،

قلعہ زال اور امام صاحب، صوبہ نورستان کے ضلع وائٹ وایکل، صوبہ سرپل کے ضلع کوہستانات، صوبہ پکتیکا کے ضلع گواشتہ، صوبہ تخار کے ضلع اشکمش، ینگی قلعہ، خواجہ غار اور درقد، صوبہ لوگر کے ضلع خروار، صوبہ جوزجان کے ضلع خم آب، صوبہ فاریاب کے ضلع خواجہ ناموس اور گرویزان، قندہار کے ضلع غورک، صوبہ غزنی کے اضلاع خوگیانی اور ناوہ شامل ہیں۔

ان فتوحات کے علاوہ 28 ستمبر کو افغانستان کے چھٹے بڑے شہر صوبہ قندوز کی فتح نے دنیا کو ہلا کر رکھ دیا تھا۔ قندوز شہر میں واقع گورنر ہاؤس، فوجی چھاؤنی، بالاحصار اور تمام سرکاری عمارات پر مجاہدین نے قبضہ کیا تھا۔ ایئرپورٹ کے علاوہ باقی تمام شہر پر دو ہفتے تک اپنا کنٹرول برقرار رکھا، جس کے بعد دشمن کی وحشیانہ بمباری اور عوام کو پہنچنے والے نقصان کی روک تھام کی خاطر مجاہدین شہر سے نکل گئے۔ قندوز شہر کی فتح کے دوران مجاہدین نے جیل کو توڑ دیا تھا۔ سرکاری عمارات پر قبضے کے دوران سرکاری دستاویزات حاصل کی گئیں۔ علاوہ ازیں بھاری تعداد میں دشمن کا اسلحہ، فوجی گاڑیاں اور ٹینک ہاتھ آئے۔ طالبان نے فوجی حکمت عملی کے پیش نظر حاصل کیے گئے فوجی سازوسامان کی تفصیلات بیان کرنے سے گریز کیا، تاہم حکومت نے قندوز فتح کی تحقیقات کے لیے جو کمیٹی تشکیل دی تھی، اس کی رپورٹ کے مطابق طالبان نے 37 امریکن ٹینکوں، 62 روسی ٹینکوں، نیشنل آرمی کی ایک ہزار مشین گنوں اور دوربینوں سمیت اسلحے کی بڑی مقدار پر قبضہ کیا۔

قندوز کی طرح مجاہدین غزنی، زابل، روزگان اور غور کے صوبائی دارالحکومتوں کے اتنے قریب پہنچے کہ کٹھ پتلی حکومت کے حکام فرار ہونے پر مجبور ہوگئے۔ غزنی میں مجاہدین نے 14 ستمبر کو جیل پر حملہ کرکے اپنے چار ساتھیوں کو چھڑا لیا۔ مجاہدین ان دو صوبائی دارالحکومتوں میں کامیاب کارروائیوں کے بعد پیش قدمی کرکے بغلان، ہلمند اور فاریاب کے صوبائی دارالحکومتوں کے قریب پہنچ گئے۔ سال رفتہ میں مجاہدین کی پیش قدمی اور فتوحات کا تسلسل جاری رہا۔ ملک بھر میں مختلف علاقوں پر امن کا سفید پرچم لہرا دیا گیا۔ فوجی اڈوں، چیک پوسٹوں کو فتح کرنے کے بعد وسیع علاقے مجاہدین کے زیرکنٹرول آگئے۔ دشمن کا دائرہ اختیار محدود ہوگیا۔

> جن علاقوں پر طالبان نے مکمل کنٹرول حاصل کیا ہے، ان میں پکتیکا کے ضلع اومنہ، گواشتہ، وازیخوا، صوبہ بامیان کے کہمرد، صوبہ خوست کے علیشر، صوبہ غزنی کے ضلع شلگر، واغز، دھیک اور صوبائی دارالحکومت کے ملحقہ علاقے، صوبہ فراہ کے ضلع بکوا، خاک سفید، بالابلوک اور گلستان فتح کے علاوہ پشت رود کا بیشتر علاقہ اور پکتیا میں ڈنڈ و پٹھان علاقہ شامل ہے۔

قندوز میں چہادرہ، گورتپی، قلعہ زال، امام صاحب، دشت ارچی، علی آباد اور خان آباد کے اقاش علاقوں سے دشمن کا صفایا کر دیا گیا ہے۔ ان تمام علاقوں پر اب مجاہدین کا قبضہ ہے۔ قندوز شہر کے چاروں اطراف مجاہدین اپنی پوزیشن مزید مستحکم کرنے میں مصروف ہیں۔ بغلان کے مرکز میں فورسز کی متعدد چیک پوسٹوں پر مجاہدین نے قبضہ کیا ہے۔ اسی طرح پلخمری کے مضافات کے بڑے علاقے پر طالبان کا قبضہ ہے۔ بغلان کے تالہ وبرفک، ڈنڈ غوری اور بورکہ میں بھی بہت سارے علاقوں پر طالبان کی حکومت ہے۔ بدخشان میں وردوج، راغستان، جرم، ارگو، یگان اور بہارک کے اضلاع میں مجاہدین نے درجنوں چیک پوسٹوں اور فوجی اڈوں کو فتح کرکے وسیع علاقے پر اپنا مکمل کنٹرول قائم کر لیا ہے۔ اضلاع کے درمیان مواصلاتی راستوں پر بھی مجاہدین کا کنٹرول قائم ہوگیا ہے۔ اسی طرح ہلمند میں نوزاد، موسیٰ قلعہ، سنگین اور خانشین اضلاع کی فتوحات کے بعد وسیع علاقے پر طالبان کا قبضہ ہے۔

ہلمند کے مرکزی شہر لشکرگاہ کے قریبی علاقے باباجی میں مجاہدین داخل ہوئے اور حکومتی فورسز کو پسپا کر دیا۔ ہلمند کے ضلع نادعلی کے مضافات میں بھی مجاہدین نے پیش رفت کی ہے۔ ضلع گریشک میں شورکی، قلعہ گز اور حیدرآباد پر طالبان نے مکمل کنٹرول حاصل کیا ہے۔ اسی طرح آدم خان کے وسیع علاقے پر بھی طالبان نے کنٹرول قائم کیا ہے۔ دوسری

جانب ہلمند کے ضلع مارجہ اور نگجی کے مراکز کے علاوہ باقی تمام علاقوں میں طالبان کا راج ہے۔ خلاصہ یہ کہ صوبہ ہلمند کے طول وعرض میں اکثریتی علاقے پر مجاہدین کا کنٹرول برقرار ہے۔ کٹھ پتلی حکومت کا دائرہ اختیار صرف لشکرگاہ، گرمسیر اور ناوہ میں کچھ علاقوں تک محدود ہے۔ صوبہ روزگان میں بھی مجاہدین نے پیش قدمی کا سلسلہ جاری رکھا ہے۔ صوبائی دارالحکومت اور اضلاع کے صدر مقامات کے علاوہ باقی تمام علاقوں پر طالبان کا کنٹرول قائم ہے۔ گزشتہ سال کے دوران مجاہدین نے دہراود، چارچینو، چورہ، چنارتو، ترین کوٹ اور خاص روزگان میں بہت سے علاقوں سے دشمن کا صفایا کر دیا تھا۔ روزگان میں قومی ملیشیا کی بڑی تعداد دعوت وارشاد کمیشن کی دعوت کے ذریعے طالبان کی صفوں میں شامل ہوگئی تھی۔ روزگان کا مشہور ظالم کمانڈر عبدالصمد علاقے سے فرار ہونے پر مجبور ہوگیا۔ اب روزگان کے وسیع علاقے پر طالبان کا قبضہ ہے۔ گزشتہ سال کے دوران روزگان کے دو معروف وحشی کمانڈر مطیع اللہ اور گلاب خان بھی طالبان کے حملوں میں ہلاک ہوئے۔

فاریاب، سرپل، بادغیس، جوزجان اور غور ایسے قریبی صوبے ہیں، جن کے بیشتر علاقوں پر گزشتہ سال کے دوران مجاہدین نے اپنا کنٹرول قائم کر لیا تھا۔ فاریاب میں المار، چھلگری، قیصار، پشتون کوٹ، خواجہ موسیٰ، گریزوان، غورماچ اور شیرین تگاب اضلاع میں بہت سے علاقے طالبان کے زیرکنٹرول آگئے، جن میں اسٹریٹیجک لحاظ سے اہم مقامات شاخ، قراپی وغیرہ بھی شامل ہیں۔ مجاہدین نے دوستم ملیشیا کو ان علاقوں سے پیچھے دھکیل دیا تھا۔ بادغیس میں جوند، قادس اور سنگ آتش کے بیشتر علاقوں سے حکومتی فورسز فرار ہوچکی ہیں۔ اب یہ علاقے مکمل طور پر طالبان کے کنٹرول میں ہیں۔ صوبہ غور کے دولینہ شہر اور شین کوٹ اضلاع کے تمام ملحقہ علاقوں میں طالبان کی رِٹ قائم ہے۔ صوبہ سرپل میں ضلع کوہستانات کی فتح کے علاوہ سنگ چارک، شیرم اور سوزمہ قلعہ اضلاع کے مضافات اور دور دراز علاقوں میں مکمل طور پر طالبان کا راج ہے۔ اس کے علاوہ ملک کے دیگر صوبوں میں بھی بیشتر علاقوں سے حکومتی فورسز پسپا ہو چکی ہیں، جن علاقوں میں ماضی میں قومی ملیشیا، نیشنل آرمی اور پولیس اہل کار قابض تھے، ان میں سے کچھ علاقے مکمل طور پر فتح ہو چکے ہیں اور کچھ علاقوں میں بعض مقامات پر اب تک حکومتی فورسز کا قبضہ برقرار ہے۔ جن علاقوں پر طالبان نے مکمل کنٹرول حاصل کیا ہے، ان میں پکتیکا کے ضلع اومنہ، گواشتہ، وازیخوا، صوبہ بامیان کے کھمرد، صوبہ خوست کے علیشیر، صوبہ غزنی کے ضلع شلگر، واغز، دھیک اور صوبائی دارالحکومت کے ملحقہ علاقے، صوبہ فراہ کے ضلع بکوا، خاک سفید، بالابلوک اور گلستان فتح کے علاوہ پشت رود کا بیشتر علاقہ اور پکتیا میں ڈنڈو پٹھان علاقہ شامل ہے۔

صوبہ کنڑ کے ضلع مروره، چپہ درہ ماڑوگی اضلاع کے بیشتر علاقے، صوبہ پروان کے شیخ علی، کاپیسا کے تگاب، صوبہ دائی کندی کے ضلع گیزاب کے کئی درے اور سیکڑوں گاؤں دشمن کے شروفساد سے پاک ہوگئے ہیں۔ صوبہ زابل کے صوبائی دارالحکومت قلات کے ملحقہ علاقوں کے علاوہ ضلع ارغنداب اور شاہ جوئی میں متعدد چیک پوسٹوں پر طالبان کا قبضہ ہے۔ ہرات کے کشک کہنہ اور شین ڈنڈ کی متعدد چیک پوسٹس اور غوریان کا مرکز فتح ہوا ہے۔ صوبہ لوگر کے ضلع خروار، جب کہ ضلع نرخ، خوشی اور ازرے کے ملحقہ علاقے بھی حالیہ دنوں طالبان کے کنٹرول میں آگئے ہیں۔ اسی طرح صوبہ وردگ کے جلریز میں میدان وردگ اور بامیان قومی شاہراہ پر قومی ملیشیا کی 15 چیک پوسٹوں کا خاتمہ کر دیا گیا ہے، جس سے عوام کو دشمن کے شر سے تحفظ فراہم ہوگیا ہے۔

◆◆◆

مولانا سید محمد حقانی،

سلیم الفطرت اور شریف النفس انسان تھے

تحریر: ذبیح اللہ مجاہد

موت حق ہے، ہر ذی روح نے موت کا ذائقہ چکھنا ہے، موت مومن کا تحفہ ہے موت اللہ تعالیٰ کی ملاقات کا وسیلہ ہے، انبیاء کرام جو اس زمین پر اللہ کے محبوب بندے تھے نے بھی موت کا ذائقہ چکھا اور ابدی نیند سو گئے۔

ہمارا بھی یہی راستہ ہے نیک مشن کے لئے قربان ہونا سعادت ہے لیکن کچھ لوگوں کی وفات سے جو خلا پیدا ہوتا ہے وہ مدتوں پورا نہیں ہوتا کچھ اشخاص کی زندگی اور موت سے درس لیا جاتا ہے اور آئندہ لوگوں کے لئے مشعل راہ ہوتے ہیں، لوگ ان کے نقش قدم پر چل کر رہنمائی حاصل کرتے ہیں۔

چند دن قبل ہمارے پیارے ساتھی، داعی حق اور شریف النفس انسان کی وفات کی اطلاع ملی جسے سن کر یقین نہیں آرہا تھا، ابھی تک ہمارے کانوں میں ان کی آواز ہے، وہ اپنا کام ادھورا چھوڑ کر گئے، ان کے مشورے ابھی تک مکمل نہیں ہوئے تھے، ان کی وفات پر ہمیں صدمہ ہوا۔

وہ سلیم الفطرت انسان

مولوی سید محمد حقانی کے دو مشہور القاب تھے جو دوران جہاد ان کو ملے تھے جن میں ایک سلیم اور دوسرا شریف، ان کا تخلص حقانی تھا کیونکہ وہ دارالعلوم حقانیہ کے فاضل تھے۔

مولوی سید محمد حقانی سلیم الفطرت انسان تھے وہ حادثات، واقعات، نقصان اور پریشانی کے وقت بھی حوصلہ رکھتے تھے، انتہائی پریشان کن صورتحال کے وقت بھی وہ ثابت قدم رہتے تھے وہ ساتھیوں کو حوصلہ دیتے تھے وہ گھمبیر حالات میں بھی بڑی سنجیدگی اور حوصلے کے ساتھ قوت فیصلے کی بھرپور صلاحیت رکھتے تھے وہ حکمت اور تدبر کے ساتھ فیصلے کرتے تھے۔

جھوٹ، فساد، لڑائی اور جھگڑا جیسے غلاظتوں سے ان کا دامن صاف تھا، وہ بہت باادب انسان تھے، بڑے ہوتے تھے یا چھوٹے، وہ شرافت کے ساتھ پیش آتے تھے وہ سلیم الفطرت انسان تھے ہر کسی کی قدر کرتے تھے۔

ان کا دوسرا لقب شریف تھا

وہ شرافت کا نمونہ تھے وہ حیاء دار انسان تھے فطرۃً نرم، راست باز اور دیانت دار انسان تھے۔ حیا اور رحمدلی ان کی خاص شان تھی، کھانے پینے کے وقت، حضر و سفر میں، نشست و برخاست میں، بات سننے اور سنانے کے وقت پتہ چلتا تھا کہ وہ شریف النفس انسان ہے، وہ معاملہ فہم انسان تھے اور سوجھ بوجھ رکھتے تھے، وہ تکبر اور ریاء سے بہت دور تھے۔

حقانی ان کا تخلص تھا

حقانی مرحوم حق پرست رہنما تھے وہ حق بولتے تھے، حق سنتے تھے، حق کے قائل تھے وہ راہ حق پر چلتے تھے حق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرتے تھے، فریقین کے درمیان فیصلہ کرنے کے وقت جو فریق بھی حق بجانب ہوتا اس کے حق میں فیصلہ کرتے تھے وہ مرتے دم تک راہ حق پر چلتے رہیں۔

مولوی سید محمد حقانی تنازعات اور اختلافات کے مخالف تھے وہ ان تمام امور کی مخالفت کرتے تھے جن سے اختلاف پیدا ہوتا تھا وہ اپنے بھائیوں کے درمیان، اپنے ساتھیوں، رشتہ داروں اور عام مسلمانوں کے درمیان مسائل کو افہام و تفہیم سے حل کرنے، عفو و درگزر، حوصلہ اور ایک دوسرے کے احترام کے قائل تھے۔

جب کسی کے درمیان اختلاف پیدا ہوتا تھا تو وہ پہلے ٹیلفون کے ذریعے اس کو حل کرنے کی کوشش کرتے تھے پھر جا کر ان سے ملتے اور انہیں اختلاف ختم کرنے

پر آمادہ کرنے کی کوشش کرتے تھے وہ علماء کے تعاون اور سمجھدار لوگوں کی مشاورت سے ان کے درمیان اختلافات ختم کرنے کی کوشش کرتے تھے۔

مجھے یاد ہے کہ وہ جہادی گروپوں کے درمیان اختلاف اور مسائل حل کرنے کی بھرپور کوشش کرتے تھے وہ اس حوالے سے ہمیشہ انتہائی متحرک رہے انہوں نے کبھی غفلت کا مظاہرہ نہیں کیا وہ امارت اسلامیہ کی صف میں اختلافات کے بہت سخت مخالف تھے وہ ناراض ساتھیوں کو منانے کی کوشش کرتے تھے مایوس لوگوں کو دوبارہ خدمت کا موقع فراہم کرتے تھے وہ نہایت مخلص انسان تھے۔

وہ مجاہدین کا بہت خیال رکھتے تھے وہ ہر مجاہد کی قدر کرتے تھے بڑوں کی عزت کرتے تھے اوران کے لئے ہر قسم قربانی دینے کے لئے تیار تھے۔

وہ علماء کرام اور مشائخ کا احترام کرتے تھے،وہ ادب اوراخلاق کے ساتھ ان کے سامنے پیش ہوتے تھے نرم لہجے میں بات کرتے تھے وہ بڑے غور سے بات سنتے تھے۔

وہ ہر ساتھی کا احترام کرتے تھے ان کی حیثیت سے بڑھ کر قدر کرتے تھے ان کا رویہ مشفقانہ تھا وہ ایک شفیق اور مہربان رہنما تھے،وہ سنگین اور سنجیدہ انسان تھے سنجیدہ لوگوں کو پسند کرتے تھے ان کے عمل اور گفتار میں کوئی فرق نہیں تھا۔

وہ امارت اسلامیہ کے اعلامیہ اور رسمی خبروں میں ایسے الفاظ استعمال کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دیتے تھے جن سے جانب مقابل کی توہین یا تضحیک ہوتی تھی وہ ہمیشہ کوشش کرتے تھے کہ امارت اسلامیہ کا موقف اور پالیسی آبرومندانہ ہو وہ کہتے تھے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے جتنے بھی دشمن تھے ان کے بارے میں کبھی بھی انہوں نے توہین آمیز رویہ اختیار نہیں کیا۔

انہوں نے گزشتہ سال مجھے کہا کہ میں کوشش کرتا ہوں کہ اپنی زندگی سنت کے مطابق گزاروں میں نے مطالعہ شروع کیا ہے ان حدیثوں کو جمع کر رہا ہوں جس میں 24 گھنٹے زندگی گزارنے کے رہنما اصول ہیں میری کوشش ہے کہ خود بھی سنت کی پابندی کروں اور دیگر مسلمانوں کی رہنمائی کے لئے بھی ان احادیث کا مجموعہ تیار کر رہا ہوں اس وقت ان کے جمع کردہ احادیث کی تعداد 47 تک پہنچی تھی۔

وہ بیت المال کے ساتھ بہت محتاط،جہادی امور میں حریص تھے اور نظم وضبط پر زور دیتے تھے۔

وہ ساتھیوں کی دلجوئی کرتے تھے کوئی بات سنی بھی ہو جب ساتھی انہیں دوبارہ سناتے تھے تو وہ بڑے غور سے سنتے تھے،ان سے سوال کرتے تھے اور بڑے تعجب کرتے تھے جیسے وہ پہلی بار سن رہے تھے۔

وہ لوگوں سے فراخ دلی اور مسکراہٹ کے ساتھ ملنے کے عادی تھے وہ ساتھیوں کی ذاتی زندگی کے بارے میں بھی پوچھتے تھے ان سے آگاہی حاصل کرتے تھے اور کوشش کرتے تھے کہ ساتھیوں کی زندگی اچھی ہو۔

وہ مریضوں کی عیادت کرتے تھے، ساتھیوں کی خبر لیتے تھے مصیبت کے وقت ساتھیوں کی ہر ممکن مدد کرنے کی کوشش کرتے تھے نصیحت، صبر اوراستقامت کی تلقین کرتے تھے۔

حقانی صاحب ایک مشفق بھائی کی طرح ہوتے تھے وہ موجود ہوتے تھے تو ساتھی بہت مطمئن ہوتے تھے تمام ساتھیوں کاان پر بڑا اعتماد تھا۔

وہ بہت حساس تھے اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرتے تھے وہ صاحب النظر تھے وہ پیچیدہ مسائل کا خوب حل تلاش کرتے تھے وہ مجالس میں ہر کسی کی رائے بڑے غور سے سنتے تھے اچھی رائے قبول کرتے تھے اور جس رائے سے اتفاق نہیں کرتے تو مدلل انداز میں ان کا جواب دیکر اطمنان دیتے تھے۔

حقانی صاحب کی وفات نے اللہ تعالی سے وصال کا راستہ ہموار کیا انشاء اللہ لیکن ان کے اہل خانہ، دوستوں، بھائیوں اور تمام متعلقین کے لئے عملی درس دیا کہ جو بھی ان کے نقش قدم پر چل کر ثابت قدم رہے گا وہ بھی کامیاب رہے گا اوران کی مقبولیت میں اضافہ ہوگا،ہم سب کا راستہ یہی ہے ان کی طرح ہم بھی کوشش کریں کہ کوئی ہم سے ناراض نہ ہو کسی کی دل آزاری نہ کی ہو اور تمام ساتھی آفسردہ ہو۔

اللهم اغفره وارحمه ولا تعذبه، وتجاوز عنه وادخله الجنة النعيم

ونسئلك صبراً جميلا واجراً جزيلاً وصلى الله تعالى على خير خلقه

محمد وآله واصحابه اجمعين يارب العلمين

جہاد میں علماء، لکھاریوں اور شعراء کا مثالی کردار

سید سعید

اصلاح معاشرہ اور جہادی تحریک میں علمائے کرام، قلم کار اور شعراء کا کردار ناقابل فراموش ہے۔ کیوں کہ وہ کتاب، زبان اور قلم کے ذریعے جو خدمات انجام دے رہے ہیں، اس سے صدیوں تک لوگ استفادہ کر سکتے ہیں۔ جس طرح ایک مجاہد تلوار کے ذریعے اپنے دین، ملک اور ملی اقدار کے تحفظ کے لیے کردار ادا کرتا ہے، اسی طرح علمائے کرام، کالم نگار اور شعراء بھی قلم اور زبان کے ذریعے امت مسلمہ کو فکری یلغار، عقیدے سے انحراف، الحاد کی جانب میلان اور نظریاتی اختلاط سے بچانے کے لیے اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

چار دہائی قبل ہمارے معاشرے میں علماء کا کردار مسجد اور محراب تک محدود تھا۔ وہ دنیا اور دین کے سیاسی و اجتماعی نظام سے ناواقف تھے، تاہم وہ اس وقت بھی انفرادی حیثیت سے معاشرے کی اخلاقی وروحانی ترقی و سربلندی کے لیے اہم کردار ادا کر رہے تھے۔ انہوں نے ہمیشہ عوام کی درست سمت میں رہنمائی کی ہے۔ معاشرے کی روحانی سربلندی درحقیقت روحانی قوتوں کی مرہون منت ہوتی ہے۔ کمیونزم کی نفرت آمیز پالیسیوں کے ظہور اور ثور انقلاب کے بعد علمائے کرام نے اپنی اجتماعی ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے روسی جارحیت کے خلاف جہاد میں کلیدی کردار ادا کیا۔ شروفساد اور امریکی یلغار کے خلاف جاری مزاحمت کے دوران علمائے کرام اور اہل قلم نے اپنا بھرپور حصہ شامل کیا۔ شروفساد اور امریکی یلغار کے دوران علمائے کرام، کالم نگاروں اور شعراء نے اپنی کوششوں سے عوام کو سمجھایا کہ ملک، عزت اور ملی اقدار پر استعماری قوتوں نے یلغار کی ہے، جس کے خلاف مزاحمت کرنے کی ضرورت ہے اور مجاہدین کے ساتھ ہر ممکن تعاون کرنا ہوگا۔ روسی جارحیت کے خلاف جہاد، شروفساد کے خلاف قیام اور امریکی یلغار کے خلاف مزاحمت اور جدوجہد میں علمائے کرام، قلم کاروں اور انقلابی شعراء نے نہ صرف عوام کو جہاد کی دعوت دی، بلکہ خود بھی عملی جہاد میں حصہ لیا ہے۔ شہید ہوئے اور قیدوبند کی صعوبتیں برداشت کیں۔ ماضی کے مقابلے میں علمائے کرام اب مختلف محاذوں پر سرگرم اور مصروف عمل ہیں، جس کے مستقبل میں معاشرے پر مثبت اثرات پڑیں گے۔

امت مسلمہ کو مغرب کی یلغار سے محفوظ رکھنے اور مقدس دین کی دفاع کے لیے اپنے تعلیمی نصاب میں تبدیلی، ذاتی اور معاشرتی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لانا ناگزیر ہے۔ مثلا: ہر مسلمان خصوصا علمائے کرام اور قلم کار حضرات ہماری معاشرتی خرابیوں، جیسے آپس کی دشمنیاں، حسد اور چغل خوری کے خلاف تقریر و تحریر کے ذریعے جدوجہد کریں، تاکہ دنیا میں بھی ہمیں سکون میسر ہو اور روز محشر بھی عذاب سے نجات ملے۔ علمائے کرام اور کالم نگار اس قرآنی ارشاد ''ادع الی سبیل ربك بالحكمة و الموعظة الحسنة۔'' کی روشنی میں دعوت مہم چلائیں۔ دشمن اور اس کے حواریوں کو سمجھائیں۔ ہمارا پروگرام حق ہے۔ دلوں پر جلدی اور مثبت اثر پڑے گا۔ طالب علموں کو بھی سمجھانے کی ضرورت ہے کہ مجاہدین دشمن کے خلاف برسرپیکار ہیں۔ دشمن کے مقابلے کے لیے تمام لازمی امور سے آگہی وقت کی ضرورت ہے۔ وقت کو محفلوں، مباحثوں اور مذاق میں ضایع کرنے سے منع کریں۔ دشمن کی سازشوں سے ہوشیار رہنے کا وقت ہے۔ ان کی چالوں کو ناکام بنانے کے لیے صلاحیتیں بروئے کار لانے کی ضرورت ہے۔ علم اور مہارت حاصل کرنا، والدین اور معاشرے کی خدمت کرنا، جہاد، عبادت، تعلیم، تجارت، صنعت اور مختلف اصلاحی و فلاحی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا وقت کا تقاضا ہے۔ اس لیے قیمتی وقت ضایع کرنے سے گریز کرنا چاہیے۔ نئی نسل کے تعلیم یافتہ لوگوں (علماء، شعراء اور کالم نگاروں) سے دین اور ملک کی بہترین خدمت لینے کے لیے تعلیمی نصاب کو وقت کی ضرورتوں کے مطابق تشکیل دینا چاہیے۔ جمہوریت اور گلوبلائزیشن کی خامیوں سے معاشرے کو آگاہ کرنا چاہیے۔ اسلام کے سیاسی نظام کے فوائد اور ثمرات، معاشرے کی اصلاح، انفرادی اور اجتماعی امور کی نگرانی اور تحفظ، سابقہ و موجودہ قوانین اور نظام کے ہر پہلو سے جائزہ لینے اور آسان اسلوب کے ساتھ ان کی تشریح کرنی چاہیے۔

کمیونزم اور کیپٹل ازم کے افراط و تفریط، اسلام کے اقتصادی نظام اور موجودہ دور میں اسلامی بینکاری نظام کی کامیابی اور سہولت سے تقریر و تحریر کے ذریعے عوام کو آگاہ کرنا چاہیے۔ لکھاری، علمائے کرام اور شعراء اجتماعی اور جہادی محاذوں پر مثبت کردار ادا کرنے کے لیے ملک کے اندر اور باہر علمی فورمز، کانفرنسوں، سیمینارز اور ورکشاپس کے انعقاد کا سلسلہ شروع کریں۔ اس کا فائدہ یہ ہوگا کہ نوجوان نسل اور طلباء کو مغرب کی فکری یلغار سے بچایا جا سکتا ہے۔ وہ مستقبل میں بھی اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے مغربی تہذیبی یلغار کے خلاف تقریر و تحریر کے ذریعے مقابلہ کرنے کے لیے میدان عمل میں نکلنے کے لیے کمربستہ ہو جائیں گے۔

جہاد اور منبر کے درمیان ہم آہنگی

ایم محمد

جس طرح انسان کا جسم مختلف اجزاء سے مرکب ہے، اسی طرح دین اسلام کے بھی مختلف شعبے ہیں۔ جس طرح انسانی جسم کے ہر حصے کی الگ خصوصیت ہے۔ آنکھ سے دیکھنا، ہاتھ سے پکڑنا، پاؤں سے چلنا، زبان سے بولنا وغیرہ۔ مکمل جسم والا انسان زندگی کی مشکلات کا مقابلہ کر سکتا ہے۔ اسی طرح اسلام تب کامل ہوتا ہے، جب اس کے تمام شعبے فعال اور ان کے درمیان ہم آہنگی ہو۔ اگرچہ بظاہر ان تمام شعبوں کا کام الگ الگ ہے، لیکن درحقیقت یہ تمام شعبے ایک ہی مقصد کے لیے ہیں۔ وہ مقصد تب حاصل کیا جا سکتا ہے، جب دین کے تمام شعبوں کے درمیان ایک دوسرے کے ساتھ ہم آہنگی ہو۔ قران پاک کی اس آیت ''وانتم الأعلون ان کنتم مؤمنین'' کا اشارہ بھی اسی طرف ہے۔ کیوں کہ ایک مسلمان اس وقت تک کامل مسلمان نہیں ہو سکتا، جب تک وہ مکمل طور پر مسلمان نہ ہو۔ کامل مسلمان وہ ہے، جو دین کے تمام شعبوں کو حق سمجھے اور اپنی بساط کے مطابق ہر شعبے میں خدمت کرنے کی کوشش کریں۔

دین کے تمام شعبوں کا ایک دوسرے کے ساتھ تعلق ہے۔ کچھ شعبوں کا دیگر شعبوں کے ساتھ خصوصی تعلق ہے۔ ایسا تعلق کہ ایک دوسرے کی بقا کا ضامن ہے۔ ان میں سے جو شعبہ بھی دوسرے شعبے سے قطع تعلق کرے تو دوسرا شعبہ بھی باقی نہیں رہ سکتا۔ اگرچہ جہاد اسلام کے تمام شعبوں کا محافظ اور مسلمانوں کی سربلندی کا راز اس میں مضمر ہے، لیکن تمام شعبوں میں اس کا تعلق محراب و منبر کے ساتھ زیادہ ہے۔ ایسا تعلق جیسا کہ جسم میں دماغ اور دل کا تعلق ہے۔ یہی وجہ ہے یہود، نصاری اور دنیا کی دیگر طاغوتی قوتوں نے ہمیشہ یہ کوشش کی ہے کہ محراب اور مورچے کے درمیان رشتہ اور تعلق ختم کر کے ان دونوں کو الگ کر دیں۔ یہ حقیقت ہے کہ ایک کو مفلوج کرنے سے دوسرا بھی ناکارہ اور غیر فعال ہو کر رہ جاتا ہے۔ جس طرح منبر قرآن پاک، احادیث مقدسہ، دینی کتابوں کی تدریس، احکام الٰہیہ، فرائض، واجبات، سنن اور مستحبات کے بیان اور لوگوں کو سمجھانے کے لیے اہم کردار ادا کرتا ہے، جہاد کی طرف نوجوانوں کو راغب کرنے اور اسلامی نظام کے نفاذ کے لیے ان میں جذبہ پیدا کرنے کا رول ادا کرتا ہے۔ اسی طرح جہاد کے ذریعے منبر اور تمام احکام الٰہیہ کی حفاظت کی جا سکتی ہے۔ منبر کی بقا اس میں ہے کہ جہاد کی حفاظت کی جائے۔ اور جہاد کی بقا اس میں ہے کہ تمام مسائل محراب اور منبر سے حل کرنے کی کوشش کی جائے۔ اس لیے مسلمانوں کو چاہیے کہ وہ اسلام کے دل و دماغ کے درمیان تعلق کو قائم رکھیں۔ اگر اس تعلق کو کمزور کر دیا تو اسلام بھی مفلوج ہو کر رہ جائے گا۔ ممبر سے مسلمانوں کو سمجھانے کا کام لیا جاتا ہے۔ مسلمانوں کو دینی تعلیمات سے آراستہ کرنے کے لیے اہم درس گاہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ علمائے کرام اسی منبر کے ذریعے امت مسلمہ کی وحدت کے لیے کردار ادا کر سکتے ہیں۔

محراب اور جہاد کے اتحاد کے لیے سب سے اہم امر عصبیت کا خاتمہ کرنا ہے، تاکہ امت علاقائیت، نسل، رنگ، زبان، ملک، قوم اور حسب و نسب کی بنیاد پر تقسیم نہ ہوں۔ اگر کسی فرد یا گروہ کی تقریر، تحریر یا

عمل سے عصبیت کی بدبو آئی تو فوری طور اس کے خلاف ایکشن لینا چاہیے۔ کیوں کہ ایک انسان کے انتشار سے بھی بہت نقصان ہوتا ہے۔ ایک شخص اٹھ کر بڑا فتنہ برپا کر سکتا ہے۔ مسلمانوں کو عصبیت کے نام پر تقسیم کرنے کی سازشوں کو ناکام بنانے اور اتحاد امت کے لیے کوشش کرنے کی ضرورت ہے۔ مسلمانوں کو اپنی صفوں میں اتحاد و اتفاق کی ضرورت ہے۔ عصبیت اور قومیت امت مسلمہ کی وحدت کے لیے زہر قاتل ہے۔ عصبیت کی وجہ سے انسان کی سوچ محدود ہو جاتی ہے۔ ذہن مفلوج ہو جاتا ہے۔ جہاں عصبیت پروان چڑھے گی، وہاں اتحاد ممکن نہیں۔ عصبیت کی سوچ کو ختم کیے بغیر امت مسلمہ کی وحدت کی تمنا کرنا محض ایک خواب ہوگا۔ اسی وجہ سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ و سلم نے عصبیت کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ و سلیم نے فرمایا: "وہ ہم میں سے نہیں، جو عصبیت کی طرف بلائے۔ وہ ہم میں سے نہیں، جو عصبیت کی بنیاد پر لڑے۔ وہ ہم میں سے نہیں، جو تعصب پر مرے۔ جو شخص عصبیت کے نام پر مرا، وہ جہالت کی موت مرا۔"

اتحاد ہی میں کامیابی کا راز مضمر ہے:

اتحاد زندگی ہے۔ اختلاف موت ہے۔ اتحاد ترقی کی بنیادی شرط ہے۔ اختلاف بربادی ہے۔ اگر ہم متحد ہوگئے تو دنیا میں تمام مشکلات کا مقابلہ کر سکتے ہیں۔ یہ تاریخ کا سب سے بڑا سبق ہے، لیکن بدقسمتی سے ہم مسلمانوں نے یہ سبق بھلا دیا ہے۔ اس وقت دنیا میں ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت امت میں انتشار پیدا کرنے اور علماء سے بدظن کرنے کی کوششیں ہو رہی ہیں۔ کیوں کہ اسلام دشمن قوتیں کئی تجربات کے بعد اس نتیجے پر پہنچی ہیں کہ مسلمانوں کے دلوں میں شوق شہادت اور جذبہ جہاد پیدا کرنے میں محراب و منبر کا بڑا عمل دخل ہے۔ اس لیے ان کی بھرپور کوشش ہے کہ عام مسلمانوں اور مجاہدین کا رابطہ علماء سے کاٹ دیں۔ ایک دوسرے سے بدظن کر دیں۔ کبھی جاسوس ادارے منبر و محراب میں بم نصب کرتے ہیں، تاکہ پیش امام اور نمازی حضرات اس کا نشانہ بنیں۔ پھر اس کا الزام مجاہدین پر لگائیں۔ کبھی کبھار بازاروں میں، مارکیٹوں میں اور پبلک مقامات پر بم دھماکے کرتے ہیں۔ پھر مجاہدین کو بدنام کرنے کے لیے انہیں اس عمل کے ذمہ دار ٹھہراتے ہیں۔ یہ تمام منصوبے اس لیے بنائے جاتے ہیں، تاکہ محراب، امت اور مجاہدین کا ایک دوسرے سے رابطہ کاٹ دیں۔

اگر اندلس کی تاریخ پر نظر ڈالیں کہ جب "ازابیلا اور فرڈی ننڈ" کے ساتھیوں نے محراب اور جہاد کے درمیان رابطہ کاٹ دیا تو بہت جلد غرناطہ، اشبیلیہ اور قرطبہ کو مسلمانوں کے قبضے سے چھڑا لیا گیا۔ جب جہادی تحریک ناکامی سے دوچار ہوئی تو محراب و منبر بھی ایسے رہ گئے کہ پھر کسی نے اذان کی آواز بھی نہیں سنی۔ قریب زمانہ میں ہمارے قریب ماوراء النہر، سمرقند، بخارا، ترمذ اور دیگر علاقوں میں دین کے سب سے بڑے ادارے قائم تھے، لیکن اس وقت اسلام کا خاتمہ کیا گیا، جب محراب اور جہاد کے درمیان رابطہ کاٹ دیا گیا۔ مجاہدین شہید ہوئے یا ہتھیار ڈالنے پر مجبور ہوئے۔ اس کے بعد منبر بھی خالی ہوا۔ پھر کسی نے حق کی صدا بلند ہوتے ہوئے نہیں سنی۔ یہی وجہ ہے اس وقت بھی یہی کوشش کی جا رہی ہے، تاکہ محراب اور جہاد کے درمیان رابطہ ختم کیا جا سکے۔ کچھ کرایہ دار لوگوں کو منبر پر کھڑا کر کے جہاد اور مجاہد کے خلاف آواز بلند کرتے ہیں۔ انہیں دہشت گرد اور انتہاپسند قرار دیتے ہیں۔ ہمارے معصوم بچوں کے ذہنوں میں ہمارے آباء و اجداد کے قاتلوں کو ہمارے ہمدرد اور دوست ظاہر کرتے ہیں۔ اگر ہم نے جہاد کا فریضہ ترک کیا تو ہماری مساجد کی بھی وہی حالت ہوگی، جو آج اندلس، بخارا اور سمرقند کی ہے۔

● ● ●

جہاد بالقلم

تحریر: عابد

اللہ تعالی کی راہ میں جہاد کرنے کی مختلف اقسام ہیں، جن میں سے ایک جہاد بالقلم ہے۔ اللہ تعالی نے قلم کو جو مقام اور اہمیت دی ہے، وہ اپنی جگہ مسلم ہے۔ آج کے دور میں میڈیا کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا، جب کہ میڈیا دشمن کے پروپیگنڈے کا اہم ذریعہ ہے۔ موجودہ دور میں میڈیا لوگوں کی ذہن سازی میں بڑا کردار ادا کر رہا ہے۔ یہی وجہ ہے ہمارا دشمن ہمیشہ اسی مورچے سے ہم پر حملے کر رہا ہے۔ وہ مسلمانوں بالخصوص مجاہدین کے خلاف گمراہ کن پروپیگنڈا کرتا ہے۔ مجاہدین کو بدنام کرنے کے لیے ہر حربہ استعمال کرتا ہے۔ میڈیا اس کا اہم ذریعہ ہے۔ اس لیے دشمن کے خلاف یہی مورچہ استعمال کرنے کی زیادہ ضرورت ہے۔ دشمن کے پروپیگنڈے کا مؤثر جواب بھی اسی محاذ پر دیا جا سکتا ہے۔ آج کے دور میں قلم کا اطلاق ہر اُس طریقے پر ہوتا ہے جو استعماری ذہنیت کی جانب سے خوانددگی کی راہ میں جدید آلات سے آراستہ کیا جاتا ہے۔ اسی طرح میڈیا کے میدان میں بھی ان تمام اقدامات کو اٹھانا، درحقیقت جہاد بالقلم ہے۔ جس کے اثرات مؤثر ثابت ہو سکتے ہیں۔ اس کو نظرانداز نہیں کرنا چاہیے، بلکہ جہاد بالقلم کو سب سے اہم قرار دیا جائے۔ کیوں کہ اس کی اہمیت، ضرورت اور اثرات سے انکار نہیں ہو سکتا۔ لیکن اگر ہماری تحریر میں دلائل کا وزن کم ہو تو اس کے مثبت اثرات بھی کم ہوں گے۔ کیوں کہ لوگ اسے نہیں پڑھیں گے۔ اس بات کا ادراک بہت کم لوگوں کو ہوتا ہے۔ دشمن کے خلاف ان تمام ذرائع کو استعمال کرنے سے دریغ نہیں کرنا چاہیے، جس سے دشمن کا نقصان ہو سکتا ہے۔

دشمن کے خلاف میڈیا کا ہتھیار استعمال کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ کیوں کہ موجودہ دور میڈیا کی اہمیت مسلمہ ہے۔ اس کا اندازہ اس بات سے لگائیں کہ ملک بھر میں طالبان کی پیش رفت نے دشمن کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔ جب دشمن کو جنگ کے میدان میں شکست سے دوچار کیا تو اس نے میڈیا کو مؤثر ہتھیار کے طور پر مجاہدین کے خلاف استعمال کیا۔ صحافت کے تمام اصولوں کو پامال کرکے مجاہدین کو بدنام کرنے کے لیے الزامات کا سہارا لیا۔ پروپیگنڈے کا طوفان برپا کیا۔ جب طالبان نے قندوز شہر پر تاریخی فتح حاصل کرکے دشمن کو ذلت آمیز شکست سے دوچار کیا تو مخالفین نے بھی اپنی شکست کا اعتراف کیا، لیکن اس دوران چند نام نہاد میڈیا چینلوں نے تمام صحافتی اصولوں کو پامال کرتے ہوئے واضح جانب داری کا مظاہرہ کیا۔ مجاہدین کی دشمنی مول لیتے ہوئے دشمن کی صف میں کھڑے ہوگئے، جن میں "طلوع" اور "یک" ٹی وی چینلوں نے پروپیگنڈے کا طوفان برپا کیا۔ مجاہدین کا میڈیا ٹرائل کیا گیا۔ مغربی میڈیا نے بھی صحافتی اصولوں کو روندتے ہوئے کابل کے نام نہاد میڈیا کا بھرپور ساتھ دیا۔ مجاہدین کو بدنام کرنے کے لیے ایسے الزامات عائد کیے گئے، جنہیں سچ ثابت کرنے کے لیے کوئی ثبوت پیش نہیں کیا جا سکا۔ اس وقت دشمن نے پروپیگنڈے کا کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیا۔ غیر مصدقہ اطلاعات اور رپورٹس شائع کرتے رہے۔ دنیا بھی خاموش تھی۔ بین الاقوامی میڈیا کی آنکھیں بھی بند ہوگئیں۔ ان تمام تر زیادتیوں کے بعد مجاہدین مجبور ہوئے اور چند نام نہاد میڈیا گروپس کو فوجی لسٹ میں شامل کرنے کا اعلان کیا۔

جن لوگوں کے ذہن صاف تھے اور میڈیا کے پروپیگنڈے سے لاعلم تھے، وہ شاید طالبان کے اعلان پر تشویش کا اظہار کر رہے ہیں۔ دشمن کے پروپیگنڈے کا مؤثر جواب قلم کے ذریعے دینا جہاد بالقلم ہے۔ ایسے موقع پر قلم کی اہمیت کا اندازہ ہوتا ہے۔ دشمن کو بے نقاب کرنے اور اس کے پروپیگنڈے کا منہ توڑ جواب دینے کے لیے قلم کا ہتھیار استعمال کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ قلم ہی کے ذریعے اپنے مؤقف کا دفاع کیا جا سکتا ہے۔ آیئے! ہم اپنے میڈیا کا جائزہ لیں اور غیر جانب دار ہو کر ایک ثالث کی نظر سے دیکھیں۔ ہماری کوتاہی اور کمزوری کا ہمیں اتنا پتا نہیں، جیسے غیر جانب دار لوگوں کو ہے۔ ہم اپنے میڈیا کے مثبت اثرات کو اپنی کامیابی قرار دیتے ہیں، لیکن شاید ان کی نظر میں کامیابی کا راز کچھ اَور ہو۔ شاید وہ سمجھتے ہوں کہ ہمارے میڈیا سے وابستہ بہت سارے لوگ رضاکار مجاہدین اور ان کے معاونین ہیں۔ ہمیں چاہیے اپنے جرائد و رسائل اور ان کے مثبت اثرات کا جائزہ لیں۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ دیگر برقی آلات نے زیادہ اثر نہیں کیا ہے۔ جرائد کی اہمیت ختم نہیں ہوئی ہے۔ کیوں کہ چھاپنے والے اخبارات اور جرائد کے قارئین کی بہت بڑی تعداد اب بھی موجود ہے۔ ذرائع ابلاغ کے جدید وسائل اور برقی آلات کی دستیابی کے باوجود پرنٹ میڈیا کی اہمیت اپنی جگہ مسلم ہے۔

آج کے دور میں میڈیا کے ہتھیار کو جہاد کے میدان میں استعمال کرنے کے دو فوائد ہیں۔ پہلا یہ کہ اس کے ذریعے ہم حق کی دعوت کا پیغام عام کریں گے۔ دوسرا یہ کہ اس کے ذریعے ہم دشمن کے پروپیگنڈے کا مؤثر جواب دے سکتے ہیں۔ مخالف قوتیں میڈیا کے ذریعے ہم پر براہ راست بھی حملہ آور ہیں۔ ہمارے متعلق عام ذہنیت کو تبدیل کرنے کے لیے بھی متحرک ہیں۔ ہم ان دونوں امور پر گہری نظر رکھتے ہوئے اپنے میڈیا کے مثبت اثرات کا جائزہ لے سکتے ہیں۔ تب ہمیں معلوم ہوگا کہ میڈیا کے محاذ پر ہم نے کتنی کامیابی حاصل کی ہے؟ برقی، اجتماعی اور چھاپنے والے تمام ذرائع ابلاغ کا جائزہ لیا جائے۔ اگر ہم صرف اس پر اکتفا کریں گے، ہم جس کی کامیابی کا دعوی کرتے ہیں تو شاید ہم غلطی پر ہوں گے، بلکہ سب سے اہم نکتہ وہ ہے، جو ہمارے دیگر لوگ ہماری کامیابی یا کوتاہی کا تذکرہ کرتے ہیں، جس کا ادراک کرنے کے بعد اس پر سنجیدہ اور قابل عمل گفتگو ہونی چاہیے۔

حکومت تنزلی کا شکار ہے

حمل ضیاء

کابل میں جان کیری کی جانب سے بنائی گئی حکومت تاریخ میں اپنے طرز کی واحد حکومت ہے۔ ملکی تاریخ میں کبھی ایسا ہوا، نہ ہو گا کہ علی الاعلان بیرونی جارح قوتوں کی جانب سے ایک حکومت تشکیل دی جائے۔ وہ بھی اس قدر مضحکہ خیز کہ ایک حکومت کے دو سربراہ متعین کر دیے جائیں۔ ان کا مسئلہ جارحیت پسندوں کے مشورے سے حل ہو گا۔ غیر مشروط طریقے سے بغیر پڑھے اور دیکھے ملک کی نیلامی کے معاہدے پر دستخط کریں گے اور اس طرح کی مزید باتیں!

در حقیقت جارحیت پسند چاہتے ہیں مجاہدین کی راہ میں ایک رکاوٹ موجود رہے، چاہے وہ کوئی بھی ہو۔ لہٰذا اسی مقصد کی خاطر قومی یکجہتی کے نام پر سابقہ جنگجو کمانڈروں، شرپسند گروہوں، خلق و پرچم کے کمیونسٹ، مغربی جمہوریے اور سیکولروں کو جمع کیا گیا۔ مگر اللہ تعالی جل جلالہ نے ان کا مکر و فریب ناکام کر دیا۔ قانونی طور پر صحیح حکومت تشکیل دی گئی نہ امن و امان کنٹرول ہوا۔ نہ غیر ملکی اڈے محفوظ رہ سکے، عوام اور حکومت کے درمیان فاصلہ دن بدن بڑھ رہا ہے۔ ۔ اسی طرح بہت سی ایسی مثالیں ہیں، جو قومی حکومت کی ناکامی کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ اُن میں سے چند آپ کے سامنے پیش کرتے ہیں:

1۔ داخلی اختلافات:

قومی یکجہتی کے عنوان سے بننے والی حکومت کا سب سے بڑا مسئلہ داخلی اختلافات ہیں۔ چوں کہ یہ نظام دو شخصیات کے درمیان برابر تقسیم کیا گیا ہے، اس لیے دونوں فریقوں میں سے کوئی ایک بھی دوسرے کی مرضی کے ساتھ کوئی حتمی فیصلہ نہیں کر پاتا۔ قومی حکومت کے دونوں رہنما اس کوشش میں لگے ہوئے ہیں کہ اختیارات کس طرح مساوی تقسیم کیے جائیں؟ اپنا حصہ کس طرح پورا حاصل کریں؟ ان میں سے ہر ایک کے لیے اپنے گروپ کے ارکان کو راضی رکھنا اور ان کے اور اپنے مفادات حاصل کرنا انتہائی اہم ہے۔ ان کی کوشش ہے کہ اپنے گروپ کے لوگوں کو خوش رکھیں، تاکہ آئندہ بھی یہ لوگ ان کے حامی رہیں۔ حکومت میں سربراہان مملکت سے لے کر ادنیٰ طبقے کے ملازمین تک، سب دو حصوں میں تقسیم ہو چکے ہیں۔ ہر محکمہ اور دفتر دو حصوں میں تقسیم ہے۔ سب اپنے اپنے گروپ مضبوط کرنے اور اپنے مفادات حاصل کرنے کے لیے سرتوڑ کوششیں کر رہے ہیں۔ اس چھینا جھپٹی میں عوام کے مفادات یا ان کے حقوق کا کسی کو خیال بھی نہیں آتا۔ پھر یہ لوگ عوام کی حمایت کیسے حاصل کر پائیں گے! کس طرح ایک مضبوط قانونی اور آئینی حکومت قائم ہو گی؟ مختلف امور کی انجام دہی کے لیے ایک دوسرے کا تعاون کیسے حاصل کریں گے؟ سب سے بڑھ کر یہ کہ یہ سلسلہ کب تک اسی طرح جاری رہے گا؟

2۔ بدامنی:

ملک کے طول و عرض میں دن بدن بدامنی بڑھ رہی ہے۔ خصوصاً وہ علاقے، جو کابل انتظامیہ کے زیر کنٹرول ہیں۔ ان علاقوں میں بدامنی کا باعث یہی کابل انتظامیہ کے حکام ہیں۔ ان حکام نے اپنے اپنے علاقوں میں اپنی قوت اور اقتدار کی مضبوطی، زمینوں پر قبضے، دولت کی لوٹ مار، ذاتی اور قبائلی جنگوں میں کامیابی کے لیے علاقے کے اوباش، قاتل، چور اور نشئی جوانوں کے لشکر بنا دیے ہیں۔ ان مسلح گروہوں نے انسانوں کی زندگی اجیرن کر ڈالی ہے۔ یہ لوگ عزت و ناموس، انسانی احترام، انسانی خدمت یا کسی بھی نیک جذبے سے یکسر عاری ہیں۔ یہی وجہ ہے حال میں جتنے بھی علاقے مجاہدین کے ہاتھوں فتح ہوئے ہیں، وہاں لوگ مجاہدین کی آمد اور اس ظالم انتظامیہ سے نجات حاصل کرنے پر بہت خوش ہیں۔ کیوں کہ ان حکومتی لشکروں کی موجودگی میں ان کی جان، مال اور عزت کچھ بھی محفوظ نہیں تھا۔ اسی طرح جن علاقوں میں دشمن کی چیک پوسٹس یا مراکز موجود ہیں، وہاں جنگ کا باعث خود اس کے اہل کار ہیں۔ اسی طرح جس علاقے میں مجاہدین اور کابل انتظامیہ کی فوج کے درمیان جنگ لڑی جا رہی ہو، حکومتی فوجی قصداً لوگوں کے گھروں اور جائیدادوں کو نشانہ بناتے ہیں اور اندھادھند مارٹر کے گولے برساتے ہیں۔

3۔ غیر مکمل کابینہ:

قومی یکجہتی کی بنیاد پر قائم حکومت کو بنے ڈیڑھ سال ہو چکا ہے، مگر اب تک اپنی کابینہ مکمل کرنے میں انہیں کامیابی نہیں ملی۔ وزارت دفاع، سکیورٹی ادارے اور دیگر اہم محکموں کے ساتھ ساتھ بہت سے صوبے سربراہوں اور سرپرستوں کے ذریعے چلائے جاتے ہیں، مگر اب تک ان اہم ترین محکموں پر اہل لوگوں کی تقرری نہیں کی گئی، جس کی وجہ دونوں حکمرانوں کی آراء کا اختلاف ہے۔ حال ہی میں کابل انتظامیہ کو ایک نئی رسوائی کا سامنا ہوا۔ جس سے ان کے درمیان اختلاف بڑھ گئے، جس کی وجہ سے افغان انٹیلی جنس سکیورٹی کونسل کے سربراہ مستعفی ہو گئے۔ ان کی جگہ نئے سرپرست کا تعین کیا گیا۔ اس پر بھی اب تک مخالفتیں اور کشمکش جاری ہے۔ ان محکموں کی طویل عرصے تک بد نظمی نے کابل انتظامیہ اور عوام کے درمیان فاصلے بڑھا دیے ہیں۔ ان پر سے لوگوں کا اعتماد مکمل طور پر ختم ہو رہا ہے۔

4۔ بیروزگاری کا مسئلہ:

چوں کہ سب کچھ یوں ہی تباہ ہوتا جا رہا ہے اور صحیح جانب کوئی اقدام ہوتا نظر نہیں آ رہا، اس لیے ان حالات کا سب سے بڑا نقصان عوام کو ہو رہا ہے۔ ملک میں بیروزگاری کی سطح دن بدن بڑھ رہی ہے۔ عوام کی اقتصادی حالت پہلے بھی اچھی نہیں تھی، اب دن بدن بڑھتی ہوئی مشکلات کا شکار ہے۔ عوام سے ہونے والے انتخابی وعدوں میں سے کوئی بھی پورا نہیں ہوا۔ دونوں مقابل امیدواروں نے وعدے کیے تھے کہ وہ امن قائم کریں گے۔ عوام کی اقتصادی حالت درست کریں گے۔ کام اس کے اہل لوگوں کو سپرد کیا جائے گا۔ کام کے لیے راہ ہموار کی جائے گی۔ افغانستان کو دنیا کا تجارتی مرکز بنائیں گے۔ ملک میں بڑے اور اجتماعی مفاد کے منصوبے شروع کریں گے۔ مگر یہ سب صرف عوام کو دھوکہ دینے کے لیے ہو رہا تھا۔ اس لیے عملی طور پر کچھ بھی ہوتا نظر نہیں آیا۔ دوسری بات یہ کہ اس قدر بڑے کام کرنے کے لیے کابل انتظامیہ کے پاس مطلوبہ اہلیت ہی نہیں ہے۔ کابل انتظامیہ کی ناکامی کی وجہ سے سرمایہ کار اس بات پر مجبور ہو گئے کہ ملک سے اپنا سرمایہ باہر منتقل کر دیں۔ یہاں اپنی صنعتیں ختم کر دیں۔ جب کہ یہی صنعتیں روزگار کا ماحول بنانے کے لیے بہت اہم سمجھی جاتی ہیں۔

5۔ ملک سے فرار:

حال ہی میں ملک سے بہت سے عام لوگوں نے نقل مکانی کی ہے۔ جس کی وجہ سے افغانستان دنیا کے دوسرے نمبر کا وہ ملک بن گیا ہے، جس کے شہری اپنے ملک میں امن اور اقتصاد نہ ہونے کی وجہ سے وطن چھوڑنے پر مجبور ہیں۔ ملک سے لوگوں کے انخلا کا تیز ترین سلسلہ متحدہ حکومت کے بعد شروع ہوا ہے۔ جب سے متحدہ حکومت غیر ملکی فرمائش پر بنی ہے، تب سے عوام کی امیدیں دم توڑ گئی ہیں۔ اسی لیے یہ لوگ ہجرت پر مجبور ہو گئے ہیں۔ دوسری یہ کہ وحدت ملی کی اس موجودہ حکومت میں صرف ان لوگوں کو حق دیا جاتا ہے، جو دونوں فریقین میں سے کسی ایک سے تعلق رکھتے ہوں۔ ملک کی خاموش اکثریت اس حق سے یکسر محروم کر دی گئی ہے۔ اسی طرح جو لوگ مجاہدین کی جانب سے عدالتی احتساب سے ڈر رہے ہیں، وہ بھی ملک چھوڑ رہے ہیں۔ کیوں کہ انہوں نے مجاہدین کے خلاف جرائم کا ارتکاب کیا ہے۔ جارحیت پسندوں سے تعاون کیا ہے۔ یہ لوگ موجودہ نظام کے دوام پر یقین نہیں رکھتے۔

6۔ مہنگائی کا عذاب:

متحدہ حکومت ملک کے معدنی ذخائر سے فائدہ اٹھانے میں ناکام رہی ہے۔ بڑے پیمانے پر اجتماعی اور عوامی مفادات کے پروگرام شروع کیے جاتے، سرمایہ کاروں کی سرمایہ کاری کے لیے ماحول سازگار کیا جاتا، گذشتہ کی طرح بیرونی قوتوں سے مصارف اور تنخواہیں جمع کی جاتیں، جس سے فوجیوں کے لیے ملک کے اندر ہی تنخواہوں اور مصارف کی فراہمی کے لیے ذرائع مہیا ہوتے، مگر ان تمام تر اخراجات کے لیے ٹیکس میں اضافے کیے جا رہے ہیں۔ ٹیکسوں میں اضافے سے عوام کی مشکلات میں اَور بھی اضافہ ہوگا اور غربت کی سطح مزید بڑھے گی۔

7۔ کرپشن:

امریکی جارحیت کے بعد ایسی حکومت بن گئی، جس میں کرپٹ لوگ ہیں۔ اس سے کرپشن کی ایسی بنیاد پڑی، جو اس حکومت کے وجود تک اس کے ساتھ لگی رہے گی۔ حکومتی حکام نے وعدہ کیا تھا کہ اگر وہ کامیاب ہو گئے تو ملک سے کرپشن کا خاتمہ کریں گے۔ لیکن ایسا کچھ نہ ہونے کی وجہ سے آج افغانستان کرپٹ ممالک کی فہرست میں پہلے نمبر پر ہے۔ اب پہلے کے مقابلے میں کرپشن کی سطح مزید بلند ہوئی ہے۔ حکام کی اکثریت کرپشن میں ملوث ہے۔ کرپٹ لوگوں کو مزید رعایتیں دی جاتی ہیں۔ زمینیں غصب کرنے کا سلسلہ اب بھی جاری ہے۔

دہشت گرد درماندگی کا شکار ہیں

عابد منصور

افغان دہشت گرد آرمی کے خلاف مسلح کارروائی میں تیزی لانے کا وقت آگیا ہے۔ اسی تناظر میں امارت اسلامیہ کی جانب سے سفارتی سطح کے علاوہ جنگی محاذوں پر بھی مختلف طریقوں سے اسلحے کے درست استعمال کے حوالے سے حوصلہ افزا جوہر دکھائے جا رہے ہیں۔ حالیہ دنوں میں امارت کے رہنماؤں کی جانب سے یہ بیان منظر عام پر آیا تھا کہ "ہم نے دہشت گردی کے خاتمے کے لیے افغان فوج اور پولیس کی صفوں میں اپنے آدمی داخل کر دیے ہیں، جو موقع پاتے ہی افغان آرمی کے نام نہاد دہشت گرد جتھے کے خلاف کارروائی رُوبہ عمل لاتے ہیں۔" افغان دہشت گردوں کی صفوں میں داخل کیے گئے مجاہدین کو "رابط اہل کار" کے نام سے جانا جاتا ہے۔

دہشت گردوں کی صفوں میں موجود اِن اہل کاروں کی وجہ سے امارت کو اپنی جنگی کارروائی کے عمل میں بہتری اور تیزی لانے کے حوالے سے کافی مدد مل رہی ہے۔ جس کی تازہ مثال افغان صوبے ہلمند کے ضلع خانشین میں 31 جنوری کو ہفتے اور اتوار کی درمیانی شب میں افغانستان کے مقامی وقت کے مطابق رات چار بجے کے لگ بھگ 'مکتب' نامی علاقے میں واقع ایک دہشت گرد فوجی چوکی میں تعینات رابط اہل کار نے چیک پوسٹ کمانڈر 'قدرت خان' کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔ رابط اہل کار فرار کے وسیع مواقع دستیاب ہونے کی وجہ سے چیک پوسٹ سے ایک عدد ہیوی مشین گن اور ایک کلاشن کوف لیے مجاہدین سے آملا۔

گزشتہ 13 سال کے طویل عرصے سے افغان دہشت گرد آرمی سمیت غیر ملکی فوجوں کی جانب سے ہلمند صوبے کو مجاہدین کے قبضے سے ہتھیانے کی کوششیں ہو رہی ہیں۔ انہی کوششوں میں سے ایک طویل کوشش برطانوی فوج کی جانب سے سنگین کے ضلع میں دیکھنے میں آئی تھی، جس کی بھاری قیمت ناکامی کے داغ اور برطانوی فوجوں کے کافی زیادہ جانی نقصان کی صورت میں ادا کی گئی تھی۔

جس طرح مجاہدین کی جانب سے یہ کوشش رہی ہے کہ ہلمند پر اپنا قبضہ مضبوط کیا جائے، اسی طرح غیر ملکی لڑاکا فوجوں کی کٹھ پتلی کا کردار ادا کرنے والے افغان دہشت گردوں کی بھی کوشش رہی ہے کہ ہلمند کو امارت کے قبضے میں جانے سے روکا جائے، لیکن امارت کے مقابلے میں دہشت گردوں کے مقامی اور غیر ملکی دونوں گروپوں کو کوئی قابلِ ذکر کامیابی حاصل نہیں ہو رہی۔ دسمبر 2016 میں ہلمند میں مصروفِ کار دہشت گردوں کے سربراہ اور ہلمند صوبے کے ڈپٹی گورنر کے نام سے مصروف 'محمد جان رسول یار' نے اپنے ایک بیان میں مقامی دہشت گردوں کی درماندگی اور مجاہدین کی فتح کے بارے میں کہا تھا کہ "صرف 2 روز کی شدید جھڑپوں میں صوبے کی سکیورٹی پر مامور دہشت گردوں (جنھیں وہ افغان آرمی کے نام سے پکار رہے تھے) میں سے 90 جنگ جو ہلاک ہو گئے ہیں۔" رسول یار نے اسی بیان میں دہشت گردی کی سرپرستی کرنے والے سیاسی ادارے کے سربراہ اشرف غنی سے اپیل کرتے ہوئے خبردار کیا تھا کہ "مدد نہ ملنے کی صورت میں ہلمند صوبہ جلد امارت اسلامیہ کے قبضے میں جا سکتا ہے۔ اگر ہلمند طالبان کے قبضے میں چلا گیا تو اس صوبے کو دوبارہ سے قندوز کی طرح امارت اسلامیہ سے چھڑانا ایک خواب ہو سکتا ہے۔"

اسی طرح ہلمند میں پولیس کے نام پر دہشت گردی پر مامور "جنرل عبدالرحمن سرجنگ" نے اپنی کمر ٹوٹتی ہوئی دیکھ کر جنوری 2016 میں مطالبہ کیا تھا کہ "طالبان کے خلاف اضافی فوج کی ضرورت ہے۔" حالانکہ اسی صوبے میں افغانستان سے باہر سے آئی ہوئی غیر ملکی لڑاکا فوجیں بھی دہشت گردوں کی مدد اور تعاون کے لیے موجود ہیں۔ امارت اسلامیہ کے طرزِ جنگ پر نظر ٹکائے ہوئے تجزیہ کاروں کا ماننا ہے کہ اگر ہلمند اشرف غنی کے کنٹرول سے نکل کر مجاہدین کے قبضے میں چلا جاتا ہے تو یہ صورتِ حال کابل میں بیٹھے دہشت گردوں کی ڈوریں ہلانے والوں کے بلند بانگ دعووں کی قلعی کھول دے گی کہ "اب اُس کے 'تربیت یافتہ مقامی لڑاکا' امارت اسلامیہ کا تنہا مقابلہ کر رہے ہیں۔"

دہشت گرد جنرل عبدالرحمن سرجنگ کا کہنا ہے کہ 'ہلمند میں حکومتی دہشت گردوں کو امارت اسلامیہ کی مسلسل مسلح کارروائیوں کے نتیجے میں سنگین خطرات لاحق ہو گئے ہیں، جس سے دہشت گردی کے معدوم ہونے کے خدشات بڑھ رہے ہیں۔ دہشت گرد جنرل سرجنگ نے مزید کہا تھا کہ "ان کے جنگ جو مجاہدین کے گزشتہ دو ماہ سے مختلف مقامات پر تسلسل سے کیے جانے والے حملوں سے بے زار اور تنگ آ چکے ہیں۔ لہٰذا ایسے حالات میں تازہ دم جنگ جو دستوں کی فوری ضرورت ہے، کیوں کہ پہلے سے موجود لڑاکا تھکنے لگے ہیں۔"

مجاہدین اور دہشت گردوں کے درمیان جاری طویل جنگ پر نظر رکھے ہوئے مبصرین نے دہشت گردوں کی درماندگی اور کسمپرسی کا حال بیان کرتے ہوئے کہا ہے کہ "دہشت گردوں کو مجاہدین سے لڑنے کے لیے اگلے محاذوں پر جانا پڑتا ہے۔ اگر کبھی ان کے پاس اسلحہ اور جنگ کے لیے ضروری سامان ختم ہو جاتا ہے تو اُن کے پاس رُسوا کن پسپائی یا مجاہدین کے ہاتھوں موت کے منہ میں جانے کے علاوہ کوئی چارۂ کار باقی نہیں رہ جاتا۔ اس لحاظ سے ضروری ہو گیا ہے کہ اگر امریکا سمیت دوسرے ممالک کو اس خطے میں اپنے مفادات کا بچاؤ کرنا ہے تو دہشت گردی کو اپنی موت آپ یا مجاہدین کے ہاتھوں مرنے سے بچانے کے لیے آپس میں رابطوں کی بحالی اور جنگ جو دستوں کو اسلحے کی فراہمی کو یقینی بنانا ہو گا۔ اگر ایسا نہ کیا گیا تو امریکا سمیت مقامی دہشت گردوں کو بھی قندوز کی طرح بہت جلد ہلمند سے بھی ہاتھ دھونا پڑیں گے۔ کیوں کہ مجاہدین کے تند و تیز حملوں کی وجہ سے دہشت گردوں کی عسکری حالت بگاڑ کا شکار ہوتی جا رہی ہے۔ جب کہ امارت اسلامیہ کی جانب سے وقفے وقفے سے یہ بیان جاری ہوتا رہتا ہے کہ "آخری دہشت گرد کے خاتمے تک جہاد جاری رہے گا!" امارت اپنے اس بیان کو عملی منظر نامے سے جوڑنے کے لیے آئے دن جہادی کارروائیاں بھی کرتی رہتی ہے، جس میں اسے خاصی کامیابی بھی حاصل ہو رہی ہے۔"

مجاہدین کی کامیابی کا راز؟

موسیٰ مہاجر

افغان مجاہد عوام 14 سالہ جہادی جدوجہد کے بعد فتح اور کامیابی کی جانب تیزی سے گامزن ہیں۔ اپنی منزل کے قریب ہیں۔ آزادی کا حصول یقینی بنایا ہے اور آزادی کے مخالف عناصر کے عزائم ناکام بنا دیے گئے ہیں۔ مجاہدین نے گزشتہ سال دس ہزار سے زائد کارروائیاں کیں۔ طالبان نے ملک بھر میں دشمن پر تابڑتوڑ حملے کیے۔ مختلف علاقوں پر قبضہ واپس حاصل کیا۔ انہوں نے صوبہ قندوز کے دارالحکومت اور چار اضلاع پر کنٹرول حاصل کیا۔ قندوز کی فتح نے دشمن کو ہلا کر رکھ دیا۔ آزادی مخالف تمام عناصر بوکھلا گئے ہیں۔ اس لیے انہوں نے اپنے آقاؤں کے سامنے سر نیچے کرکے بے بسی کا اظہار کیا ہے۔ افغان عوام کے مقابلے میں اپنے تحفظ کے لیے ان سے مطالبہ کیا کہ عرصہ دراز تک قابض افواج کو افغانستان میں تعینات رہنے کے احکامات جاری کیے جائیں۔ امریکا نے بھی اپنے مفادات کے تحفظ اور کٹھ پتلی حکومت کی بے بسی کو مدنظر رکھتے ہوئے فیصلہ کیا کہ امریکی و نیٹو افواج مزید دو سال افغانستان میں تعینات رہیں گی۔

فتوحات کا یہ سلسلہ صرف قندوز کے دارالحکومت، امام صاحب، دشت آرچی، قلعہ زال اور چہار درہ اضلاع تک محدود نہیں تھا، بلکہ بدخشان کے ضلع یمگان، جرم اور وردوج، تخار کے خواجہ غار اور درقد اضلاع، ہلمند کے موسیٰ قلعہ، خانشین اور نوزاد، سرپل کا ضلع کوہستانات، ہرات کا ضلع غوریان، لوگر کا ضلع خروار، بادغیس کا ضلع جوند، غزنی کا ضلع خوگیانو، فراہ کا ضلع بالا بلوک، فاریاب کے دو اضلاع گرزیوان اور غوماچ اور اس کے علاوہ اور بہت سارے علاقوں پر سفید پرچم لہرایا گیا۔ ملک بھر میں فتوحات کے علاوہ دشمن کے مضبوط فوجی اڈوں پر فدائی حملوں نے مجاہدین کی قوت میں اضافہ اور دشمن کی بے بسی کو ثابت کر دیا۔ قندھار ائیرپورٹ پر فدائی مجاہدین کے حملے نے دشمن کو ہلا کر رکھ دیا۔ مسلسل 29 گھنٹے دشمن کے ساتھ جنگ جاری تھی۔ اسی طرح کابل میں جارحیت پسندوں اور کٹھ پتلی حکومت کے مختلف مراکز اور تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا۔ گزشتہ سال کی کامیاب کاروائیوں نے دشمن کو بھی مجاہدین کی طاقت تسلیم کرنے اور اپنی شکست کا اعتراف کرنے پر مجبور کیا۔ حال ہی میں امریکی وزارت دفاع نے ایک رپورٹ پیش کی، جس میں کہا گیا ہے کہ بیرونی ممالک اور افواج کی امداد کے باوجود افغان فوج طالبان کے حملوں کی زد میں ہے۔ گزشتہ سال ان کی ہلاکتوں میں 27 فیصد اضافہ ہوا ہے۔

پینٹاگون نے قندوز پر طالبان کے قبضہ، ہلمند میں طالبان کی پیش رفت اور قندھار ائیرپورٹ پر حملہ افغان فوج کے لیے چیلنج قرار دیا ہے۔ کابل انتظامیہ کی وزارت دفاع اور وزارت داخلہ نے بھی کئی بار اپنی کمزوری کا اعتراف کیا ہے، جب کہ پارلیمنٹ کے ارکان نے کابل پر طالبان کے قبضے کی پیش گوئیاں بھی کی ہیں۔

طالبان کی طاقت میں اضافے اور پیش رفت کی چند وجوہات:

1۔ طالبان نے تمام صوبوں میں اسپیشل فورس تشکیل دی ہے، جو تربیت یافتہ جنگجوؤں پر مشتمل ہے۔ جس میں بہادر مجاہدین شامل ہیں۔ جدید

ہتھیاروں سے لیس ہیں۔ اس لیے طالبان کی فوجی طاقت مزید مستحکم ہوئی۔ مجاہدین کے درمیان رابطے کا مضبوط نیٹ ورک قائم کیا۔ امارت اسلامیہ نے اسپیشل فورس کے ذریعے بڑے حملے کیے اور بہت سے علاقوں پر قبضہ کیا۔

2۔ طالبان کی جنگی حکمت عملی کے تحت بہت سارے مجاہدین کٹھ پتلی حکومت کی فورسز میں سرایت کر چکے ہیں، جو موقع ملتے ہی سکیورٹی اہل کاروں پر حملہ آور ہوتے ہیں۔ ان واقعات کی وجہ سے دشمن کی صفوں میں بداعتمادی پیدا ہوئی ہے۔

3۔ جنگ کے دوران مضبوط اور منظم قیادت کی ضرورت ہوتی ہے، الحمدللہ! طالبان کو مضبوط قیادت نصیب ہے، جس نے نہ صرف جنگ کے میدان میں دشمن پر غلبہ حاصل کیا ہے، بلکہ امارت اسلامیہ کو مشکلات سے نکال کر سیاسی اور فوجی محاذوں پر فتح سے ہم کنار کیا ہے۔ یہی وجہ ہے آج دنیا اسے ایک مضبوط سیاسی و فوجی قوت کے طور پر تسلیم کرتی ہے۔

4۔ مجاہدین کی کامیابی کی ایک اَور بڑی وجہ عوام کی حمایت اور تعاون ہے۔ دین دوست اور محب وطن عوام کھل کر مجاہدین کے ساتھ تعاون کر رہے ہیں۔ اپنی جان، مال اور اولاد کو خطرے میں ڈال کر مجاہدین کو سپورٹ کیا جا رہا ہے۔ اگرچہ دشمن پروپیگنڈے، ڈالر اور طاقت کے بل بوتے ایڑی چوٹی کا زور لگا رہا ہے کہ مجاہدین اور عوام کے درمیان دوریاں پیدا ہو جائیں، لیکن اللہ کے فضل و کرم سے وہ اب تک اس کوشش میں ناکام رہا ہے۔ بیت المقدس کے فاتح سلطان صلاح الدین ایوبی رحمہ اللہ سے منسوب ایک قول مشہور ہے۔ وہ فرمایا کرتے تھے: ”مجاہدین عوام کی اولاد ہیں۔ جب تک عوام اور مجاہدین کے درمیان ہم آہنگی ہو گی، تب تک دنیا کی کوئی طاقت انہیں شکست نہیں دے سکتی۔“

5۔ کامیابی کے لیے اتحاد اہم عنصر سمجھا جاتا ہے۔ مجاہدین نے اسی وحدت فکر کی بدولت 14 سال مغربی اور ان کے حواریوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ انہیں ذلت آمیز شکست سے دوچار کیا۔ اگر مجاہدین کے درمیان اتحاد و اتفاق نہ ہوتا تو قابض قوتوں کے خلاف جاری جہاد بھی ناکامی سے دوچار ہوتا۔ کامیابی کی جھلک بھی نظر نہ آتی۔ امریکا اربوں ڈالر صرف کرنے کے باوجود بھی امارت اسلامیہ کو دھڑوں میں تقسیم کرنے میں بری طرح ناکام رہا ہے۔ وہ ہر قسم کے غلیظ پروپیگنڈے کے باوجود اس مذموم سازش میں ناکام ہے۔ ہاں جو لوگ امارت اسلامیہ کی صف سے باہر تھے یا انہیں امارت سے نکال دیا گیا، انہیں استعمال کر کے ان کے نام سے نیا دھڑا قائم کرنے سے امارت اسلامیہ کی متحدہ صف کو کوئی نقصان نہیں ہو گا۔ جب وہ صف کے اندر موجود ہی نہیں ہیں تو پھر ان کا نفع ہو گا اور نہ ہی نقصان ہو گا۔

6۔ مخلوط حکومت کے درمیان اختلافات، بدانتظامی، بداعتمادی، نااہلی، سکیورٹی اداروں کے درمیان رابطے اور ہم آہنگی کا فقدان، مایوسی اور خوف بھی مجاہدین کی حالیہ کامیابی کی وجوہات ہو سکتی ہیں۔ کیوں کہ مجاہدین اپنی بہترین فوجی حکمت عملی اور سیاسی بصیرت کی بدولت دشمن کی ان کمزوریوں سے بھرپور فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ ایک کہاوت مشہور ہے کہ جو اقوام ترقی اور ملکی استحکام کے لیے آزادی کی سودابازی کرتی ہیں، وہ آزادی کی نعمت سے بہرہ وَر ہو سکتی ہیں اور نہ ہی ترقی کر سکتی ہیں۔ افغان مجاہد قوم نے آزادی کا سودا نہیں کیا، بلکہ دنیا بھر کی استعماری قوتوں کے خلاف شدید مزاحمت اور جدوجہد کی ہے، اس لیے آزادی کا حصول بھی یقینی بنایا ہے۔

امارت اسلامیہ کی نئی قیادت کے مدبرانہ اقدامات

حنبل ضیاء

ہر رہنما اور قائد کے لیے دیگر خصوصیات کے ساتھ باتدبیر ہونا اور مدبرانہ فیصلے کرنا انتہائی ضروری ہوتا ہے۔ خصوصاوہ رہنما، جن کے ذمہ امت مسلمہ کی قیادت اور رہنمائی ہو۔ امت کے مخلص اور باوقار رہنما امیر المؤمنین ملا محمد عمر مجاہدؒ کی وفات کی خبر، نئے امیر المؤمنین ملا اختر محمد منصور حفظہ اللہ کا انتخاب، دونوں اہم موضوعات اس وقت سامنے آئے، جب حالات انتہائی حساس اور تبدیلی کی جانب رواں دواں تھے۔ جہادی تحریک کی لہریں تیز ہو چکی تھیں۔ فتوحات کا سلسلہ تیز تھا۔ امارت اسلامیہ کے دشمنوں نے اختلافات اور تفرقہ بازی کی انتہائی پیچ کوششیں کیں۔ جارحیت پسندوں کی جارحیت تزلزل کا نشانہ بن رہی تھی۔ یہ لوگ نہ پائے رفتن نہ جائے ماندن کی حالت سے دوچار تھے۔ کٹھ پتلی انتظامیہ کو اپنا انجام نظر آرہا تھا۔ اس لیے اسے خطے میں نئے معاونین اور اتحادیوں کی تلاش تھی۔ ایسے حالات میں خطے کو ہر طرف سے نئے سلسلوں اور تبدیلیوں کا سامنا تھا۔ اس لیے ہر فریق کو ایسے حالات میں مدبرانہ اور محتاط اقدامات کی ضرورت تھی۔ لہذا قیادت کو اس حوالے سے سنجیدہ مؤقف اپنانا اور اس پر عمل کرنا ضروری تھا۔ جو ایک طرف مجاہدین کو متحد اور منظم رکھ کر عسکری پیش قدمیاں جاری رکھے اور دوسری طرف خطے کے حالات کو اس طریقے سے ہینڈل کرے، جس سے دشمن فائدہ نہ اٹھا سکے۔

امارت اسلامیہ کے نئے امیر المؤمنین ملا اختر محمد منصور حفظہ اللہ اپنے انتخاب کے بعد بہت کم عرصے میں مخلص اور وفادار ساتھیوں کے تعاون سے صحیح رہنمائی کرنے میں کامیاب رہے۔ بے شمار کامیابیاں حاصل کیں اور اپنی قیادت کا مدبرانہ پہلو ثابت کر دکھایا۔ ذیل میں چند نکات کا ذکر کیا جاتا ہے:

1۔ اتحاد واتفاق کا قیام: چوں کہ اتحاد و اتفاق ہر کسی کے لیے پہلا اور ضروری اصول ہے۔ کوئی معاشرہ اتفاق کے بغیر چلا نہیں سکتا۔ اسی لیے امارت اسلامیہ کی نئی قیادت نے مجاہدین کے درمیان خصوصی طور پر اور پوری امت مسلمہ کے درمیان عمومی طور پر اتحاد کے قیام کے لیے بہت کوششیں کی ہیں۔ نئے سربراہ کے انتخاب کے بعد بیعتوں کا تسلسل، منظم طریقے سے ان بیعتوں سے مسلمانوں کو باخبر کرنا اور پھر امیر المؤمنین حفظہ اللہ کی جانب سے ان بیعتوں کا قبول کرنا، ایک بار پھر تمام مجاہدین، مخلص مسلمانوں اور امارت اسلامیہ کے حامیوں کو ایک امیر کی قیادت میں جمع کر دیا۔ دشمن نے امارت کی تقسیم کے بارے میں جو امیدیں قائم کی تھیں، وہ سب خواب ہی رہ گئیں۔ کچھ محدود اور گنتی کے لوگوں کے علاوہ تمام لوگوں نے نئے امیر المؤمنین کی بیعت کرلی۔ اس طرح امارت اسلامیہ کی قوت اور اہمیت برقرار رہی اور مجاہدین آئندہ کے لیے مزید پُرعزم ہو گئے۔

2۔ جہادی فتوحات: نئی قیادت اس بات میں کامیاب رہی کہ مجاہدین کو کم ترین عرصے میں منظم کرے۔ نئی اور بڑی فتوحات کے لیے آپریشن کا پلان بنائے۔ دشمن کے خلاف پیش قدمی کرے۔ جنگ کے محرکات اور کنٹرول ہاتھ میں لے۔ مسلسل کامیابیوں سے دشمن کی جنگی حوصلہ ختم کرے اور بالآخر مفتوحہ علاقے کا تحفظ کرے۔ حال ہی میں مجاہدین کی بے مثال فتوحات قابل ذکر ہیں۔ کسی نے یہ نہیں سوچا تھا کہ اتنے قلیل عرصے میں دشمن کے حملوں کے باوجود مجاہدین اتنی اہم کامیابیاں حاصل کر پائیں گے۔ اتنے اہم اسٹریٹجک خطے کنٹرول میں لے آئیں گے۔ جارحیت پسندوں کے حالیہ اعداد و شمار کے مطابق کابل انتظامیہ کے فوجیوں میں ہلاکتوں کی تعداد گزشتہ سال کی بہ نسبت بڑھ گئی ہے۔ یہی عسکری دباؤ ہے، جس کی وجہ سے دشمن کو اس قدر بڑے پیمانے پر نقصان پہنچایا گیا ہے کہ اب بلامزاحمت بھی علاقے خالی کرتے جاتے ہیں۔ کابل انتظامیہ کے حکام جنگ سے اکتا چکے ہیں۔ اپنے "جانبازوں" کی انہیں کوئی خبر ہے نہ مجاہدین کے ہاتھوں مفتوحہ علاقوں کو واپس لینے کا کوئی ارادہ ہے۔ نہ ہی طالبان کے خاتمے کے لیے شروع کیے گئے آپریشن کے سلسلے کو مزید آگے بڑھا سکتے ہیں۔ ان تمام باتوں سے مجاہدین کی کامیابی اور نئی قیادت کے مدبرانہ اقدامات کا پتہ چلتا ہے۔

3۔ داخلی اصلاحات: امارت اسلامیہ کی نئی قیادت نے دیگر اہم موضوعات کے ساتھ ساتھ مجاہدین کی داخلی اصلاحات پر خصوصی توجہ دی ہے۔ کوئی ایک جہادی صف شرعی اصولوں کی رعایت رکھے بغیر کوئی پیش رفت اور پیش قدمی نہیں کر سکتی۔

اللہ تعالیٰ کی مدد و نصرت اور امت مسلمہ کا اعتماد صرف اور صرف شرعی اصولوں کی پاس داری سے ہی حاصل ہو سکتی ہے۔ حال میں امیر المؤمنین حفظہ اللہ نے اپنے وائرلیس پیغام میں مجاہدین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کم عمر بچوں کو محاذ پر لانے کے بجائے مدارس میں پڑھائیں۔ آپ کے اس اقدام سے بدنامی اور غلط پروپیگنڈے سے حفاظت کے ساتھ ساتھ ایک نسل جہادی تربیت پائے گی، جو دینی علوم سے پوری پوری واقف ہو گی۔

4۔ عوام سے اچھے تعلقات: نئی قیادت کے آنے سے عوام مجاہدین کے بہت قریب آئے ہیں۔ عوام نے مجاہدین سے اپنے تعاون کا آغاز کر دیا ہے۔ مجاہدین کی موجودہ کامیابی کا راز بھی عوام کا تعاون ہے۔ قندوز کی فتح کے دنوں میں حکام نے بہت جلد اعتراف کیا کہ عوام طالبان کا ساتھ دے رہے ہیں۔ وہ مجاہدین کو گھروں میں ٹھکانے اور کھانا فراہم کرتے ہیں۔ عوام کا تعاون مجاہدین کے ساتھ بڑھ رہا ہے، جس کی اہم وجوہات مجاہدین کی جانب سے عوام سے اچھے تعلقات، اچھا سلوک، فسادات اور جنگوں کا خاتمہ اور شریعت پر عمل کرنا ہیں۔ نئی قیادت بھی ہمیشہ مجاہدین کو تاکید کرتی ہے کہ عوام سے اچھا سلوک کریں۔ موجودہ وسائل کے اندازے سے ان کی خدمت کریں۔

5۔ مصالحت کے بارے بات چیت: چوں کہ مصالحت اور مذاکرات کے نام پر دشمن انتہائی غلط پروپیگنڈا کرتا اور تشویش ناک خبریں نشر کرتا ہے، اسی لیے نئی قیادت نے اس حوالے سے ایک واضح مؤقف اپنایا ہے۔ تمام مسلمانوں اور مجاہدین کو اطمینان دلایا ہے کہ کبھی بھی دین کا سودا نہیں کریں گے۔ امیر المؤمنین ملا اختر محمد منصور حفظہ اللہ نے تمام مسلمانوں کو اطمینان دلایا ہے کہ ہمارا آخری ہدف شرعی نظام کا قیام ہے۔ دشمن کے پروپیگنڈے اور تشویش آمیز باتوں پر توجہ نہ دی جائے۔ امارت اسلامیہ اگر کسی سے مذاکرات کرے گی تو وہ مسلمانوں سے خفیہ نہیں رکھے جائیں گے۔ ان مذاکرات میں شرعی اصولوں کو نظر انداز نہیں کیا جائے گا۔ اگر کوئی مذاکرات کے ذریعے شرعی نظام کے نفاذ پر تیار ہو جائے تو ہمیں خوشی ہو گی۔ امارت نے سیاسی شعبہ میں منظم فعالیت کے لیے سیاسی دفتر قائم کیا ہے۔ سیاسی شعبے کے تمام امور اسی دفتر سے وابستہ ہیں۔ یہ دفتر علماء اور دانش وروں کی قیادت میں شریعت کی روشنی میں اپنی کارکردگی آگے بڑھاتا ہے۔

6۔ قندوز کی فتح کے سلسلے میں: امارت اسلامیہ نے مدبرانہ طریقے سے قندوز کی فتح کے لیے منظم پلان مرتب کیا۔ مجاہدین کو منظم کیا، جنگی کمانڈروں کی قیادت میں ان کی رہنمائی کی۔ فتح کے بعد قیادت نے مجاہدین کے لیے اصول وضع کیے اور کابل انتظامیہ میں کام کرنے والے تمام افراد کے لیے ذمہ داریاں چھوڑ دینے کی صورت میں عام معافی کا اعلان کر دیا۔ مجاہدین نے دشمنوں کے ہر قسم کے حملوں اور دباؤ کے باوجود قندوز شہر کو دو ہفتوں تک اپنے کنٹرول میں رکھا، مگر قندوز شہر کے اندر لڑائی کا کوئی فائدہ نہ تھا۔ اس جنگ سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا تھا۔ دشمن نے بمباری کرتے ہوئے عوام کا کوئی خیال نہیں رکھا۔ اسی لیے امارت اسلامیہ کی قیادت نے مجاہدین کو شہر سے عقب نشینی کا حکم دیا۔ قندوز کی فتح کے منظم سلسلے نے دشمن کو اس بات پر مجبور کر دیا کہ امارت کی قوت اور بہترین قیادت کا اعتراف کرے۔

7۔ فسادات کا خاتمہ: جس طرح امارت اسلامیہ کے بانی امیر المؤمنین ملا محمد عمر مجاہد رحمہ اللہ نے جہاد کا آغاز ان شرپسندوں کے خلاف کیا تھا، جنہوں نے کمیونزم کی شکست کے بعد اقتدار کی خاطر آپس میں لڑائیاں شروع کر دی تھیں، نئی قیادت نے بھی داعش کے خلاف ایسا ہی کام کیا ہے۔ ان لوگوں نے زابل اور ننگرہار میں امارت اسلامیہ سے بغاوت کا اعلان کیا تھا۔ مذکورہ علاقوں میں مجاہدین سے جنگوں کا آغاز کیا۔ چوریاں اور ڈکیتیاں کیں۔ عوام پر مظالم ڈھائے اور کچھ گھناؤنے کاموں میں ملوث ہوئے۔ امارت کی قیادت نے بڑی حد تک ان لوگوں کو سمجھانے، ان کی اصلاح اور بات چیت کے ذریعے ان مسائل کے حل کے لیے کوششیں کیں، مگر اس کا کوئی نتیجہ نہیں نکلا۔ ان لوگوں کی نیت کسی حوالے سے ٹھیک نہیں تھی۔ بالآخر مجاہدین اس بات پر مجبور ہوئے کہ ان کے خلاف اقدام کریں۔ اسی طرح حال ہی میں مجاہدین نے مختلف علاقوں میں ایسے لوگوں کو پکڑا اور انہیں شرعی سزائیں دیں، جو اغواء برائے تاوان میں ملوث تھے۔

8۔ حالیہ پیش رفت: سردیاں ہونے کے باوجود جہادی تحریک کی رفتار سست ہونے کے بجائے دن بدن گرم ہوتی جا رہی ہے۔ دشمن کے اہم مراکز پر فدائی حملوں کے علاوہ مجاہدین نے حال ہی میں دشمن کو آمنے سامنے کی کاروائیوں میں بھی شکست دی ہے۔ جس کی زندہ مثال ہلمند کے ضلع سنگین اور خانشین اور صوبہ فراہ کے ضلع گلستان کی فتوحات ہیں۔ دشمن نے اپنی پوری طاقت اور قوت سے ان علاقوں کو محفوظ رکھنے کی کوشش کی، مگر کوئی فائدہ نہ ہوا۔ رواں سردیوں میں تیز تر جہادی تحریک مجاہدین کے قوی عزم اور نئی قیادت کی مدبرانہ رہنمائی کا مظاہرہ کرتی ہے۔

❖ ❖ ❖

امریکا طالبان مذاکرات:

مزید کیا کرنا ہوگا!

اکرم تاشفین
akramtashfeen@gmail.com

امریکا کو ایک بار پھر خیال آیا ہے کہ وہ افغان مسئلے کا پر امن حل نکالے۔ اب کی بار چار فریقی اتحاد بنا کر طالبان سے مذاکرات کی کوششوں کا آغاز کیا جا رہا ہے۔ امریکا مذاکرات کی خاطر افغانستان میں پہلے کئی بار بہروپیوں کے ہاتھوں لٹ چکا ہے۔ کتنے لوگوں نے افغانستان میں موجود امریکی حکام کو امیر المومنین ملا محمد عمر مجاہد رحمہ اللہ سے خفیہ ملاقات کرانے کے بہانے سے ڈالر وصول کیے اور پھر رفو چکر ہو گئے۔ خبریں میڈیا تک پہنچیں تو امریکا کی سبکی میں دوچند اضافہ ہوا۔ کئی بار رسوائی کا سامنا کرنے اور افغانوں کا تماشہ بننے کے بعد امریکا کا خفیہ مذاکرات سے یقین ہی اٹھ گیا اور اس نے قطر میں طالبان کو سیاسی ٹھکانہ دینے کی اجازت دے دی۔ اس طرح کم از کم امریکا کو طالبان کا ایک ایڈریس ہاتھ آ گیا۔ قطر میں طالبان کو باقاعدہ سیاسی دفتر کھولنے کی اجازت بھی دی گئی۔ طالبان رہنماؤں نے دفتر پر امارت اسلامیہ افغانستان کے نام کی تختی بھی نصب کی اور اپنا پرچم بھی لہرایا۔ مگر یہ سب کچھ ہونے کے بعد کابل انتظامیہ کے اس وقت کے صدر حامد کرزئی کو خیال آیا کہ یہ افغانستان کے دو متوازی سفارت خانے کھولنے اور ایک ملک میں دو متوازی نظاموں کی حکومت تسلیم کرنے کے مترادف ہے جو اسے کسی صورت بھی منظور نہیں۔ اس طرح وہ دفتر بند کر دیا گیا اور مذاکرات کے سلسلے میں ایک طویل خاموشی چھا گئی۔ تاہم یہ سوال آج تک تشنہ تحقیق ہے کہ جناب کرزئی کو یہ خیال اس وقت سے پہلے تک کیوں نہیں آیا تھا۔ کیا وہ قطر دفتر کے معاملات سے اس قدر ہی بے خبر تھے؟ اگر بے خبر تھے بھی اور ہو بھی سکتا ہے، کہ ایک کٹھ پتلی صدر کی امریکا کے ہاں اتنی ہی اوقات ہیں تو پھر کیا امریکا کی مذاکرات کی ساری کوششوں پر صرف اس لیے پانی پھیر دیا گیا کہ اس کا ایک کٹھ پتلی صدر ناراض ہو رہا ہے، جس کی اوقات اتنی بھی نہیں کہ اسے قطر دفتر کی مکمل تفصیلات سے آگاہ کیا جائے۔ جس دفتر کے قیام کے لیے امریکا نے اپنے بارہ سال سے جاری جنگ کے اخلاقی جواز کی بھی قربانی دی تھی اور دنیا میں طالبان کی سیاسی حیثیت تسلیم کرنے پر مجبور ہوا تھا۔ امریکا یہ تسلیم کر چکا تھا کہ جن لوگوں کے ساتھ وہ بارہ سال سے لڑ رہا تھا اور جن کے خاتمے کے لیے اس نے بی باون جیسے ہلاکت خیز طیاروں سے بمباری کر کے بستیاں تاراج کیں اور ڈیزی کٹر جیسے خطرناک بم تک استعمال کیے وہ محض ایک دہشت گرد نہیں بلکہ سیاسی شناخت اور مسئلے کا پر امن حل رکھنے والے لوگ ہیں۔ اپنے بارہ سالہ جنگ کے جواز کی قربانی دینے کے بعد بھی امریکا نے قطر میں اس وقت شروع ہونے والے مذاکرات صرف کرزئی کے کہنے پر چھوڑے؟ نہیں۔

ادھر صورتحال یہ تھی کہ مذاکرات کے ابتدائی شرائط طے کرنے کے لیے امریکی وفد قطر پہنچ بھی چکا تھا۔ پھر یہ بات بعید از قیاس نہیں کہ امریکا اپنے شرائط منوانے میں ناکام رہا تو اس نے کرزئی کی مخالفت کا ڈھونگ رچایا۔ کیوں کہ امریکا شروع دن سے اگر مذاکرات کرنا چاہتا ہے تو اپنی شرائط پر۔ چور چوری سے جائے پر ہیرا پھیری سے نہ جائے۔ امریکا افغانستان میں شکست کھانے کے بعد مذاکرات اگر کر رہا ہے تو بھی افغان مسئلے کے حل کے لیے مخلصانہ کوشش کے طور پر نہیں بلکہ وہ اپنے روایتی دھونس، مکاری اور فریب سے اپنے شرائط پر مذاکرات منعقد کروانا چاہتا ہے۔ جس کے لیے طالبان نہ اول روز تیار تھے اور نہ آج تیار ہیں۔

مذاکرات کے حوالے سے ایک اور بڑا موقع جو آیا وہ پڑوسی ملک پاکستان کے شہر مری میں ہونے والے مذاکرات تھے جس کے بعد امیر المومنین ملا محمد عمر مجاہد رحمہ اللہ کی وفات کا اعلان ہوا۔ اس موقع پر مذاکرات کے لیے طالبان کے قطر دفتر کے نمائندوں کو مدعو کیا گیا نہ ان سے رائے لی گئی بلکہ افغان طالبان کے ہی چند خود سر اور مرکزی امارت کے باغی لوگوں کو مذاکرات کے لیے بٹھایا گیا۔ طالبان ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے اس وقت بھی اعلامیہ میں بار بار کہا کہ مری میں ہونے والے مذاکرات کا رہمارے

باقاعدہ متعین نمائندے نہیں۔ ان مذاکرات کے یہ لوگ خود ہی ذمہ دار ہوں گے، ان کے ساتھ طے ہونے والے فیصلوں کی امارت اسلامیہ ذمہ دار نہ ہوگی۔

اب کی بار پھر مذاکرات کا سلسلہ شروع کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ اس بار مذاکرات میں چین اور پڑوسی ملک پاکستان کو بھی باقاعدہ فریق بنا کر مذاکرات کاروں میں شامل کیا گیا ہے۔ پگواش میں ہونے والے سیمینار میں مصالحت اور مذاکرات کی جو باتیں ہوئیں ذبیح اللہ مجاہد کے بقول وہ محض خیر سگالی کے جذبات کا اظہار تھا۔ اس سے زیادہ اسے کوئی حیثیت دینا خود کو دھوکے میں رکھنے کے مترادف ہوگا۔

طالبان کی جانب سے بلیک لسٹ سے نام نکالنے، قیدیوں کی رہائی، سفری آزادی اور میڈیا پر آنے کی آزادی کی جو ابتدائی تجاویز رکھی گئیں اسے مذاکرات کے لیے ابتدائی مقدمہ کے متعلق اچھی تجویز کہنا ہی زیادہ مناسب ہوگا۔

مذاکرات کے لیے روز اول سے آخر تک امریکا نے جتنی بھی کوششیں کیں یا مواقع دیے ان سب میں امریکا کی بدنیتی نمایاں ہے۔ پہلے پہل خفیہ مذاکرات کے لیے ڈالر کا استعمال، قطر میں سیاسی دفتر کا معاملہ التواء میں ڈالنا، مری میں بے اختیار لوگوں کو مذاکرات کے لیے بٹھانا وغیرہ۔ ان سب کے علاوہ ایران، فرانس یا چین وغیرہ ممالک میں افغان مسئلے کے متعلق جتنے بھی سیمینارز ہوئے ان کے انعقاد کے ساتھ ہی امریکا نے اسے باقاعدہ سیاسی مذاکرات کا نام دے کر اس کا پروپیگنڈہ کیا۔

مذاکرات کے لیے ہونے والی پیش رفت کو اپنے ہی شرائط پر آگے بڑھانے کی ضد، مذاکرات کے پروپیگنڈہ کی بہ نسبت اس کے لیے مثبت اقدامات نہ کرنا وہ نکات ہیں جس کے لیے امریکا اعلانیہ، کھلم کھلا، غیر مبہم اور اتھینٹک لوگوں سے مذاکرات نہیں کرنا چاہتا۔

اپنی شرائط پر اصرار کی بات تو سمجھ آتی ہے، البتہ مذاکرات میں ضرورت سے زیادہ پروپیگنڈے کی وضاحت کیے جاتے ہیں کہ اس سے ایک جانب عام طالبان مجاہدین اور قیادت کے درمیان بے یقینی، تردد اور عدم اعتماد کا پیدا کرنا مقصد ہے ایسے دور میں کہ جب ان کے درمیان رابطہ اور اعتماد سازی سے معاملات آگے بڑھانے اور مل بیٹھنے کی سہولیات ناپید ہیں۔ دوسری طرف پوری دنیا میں مذاکرات کے حوالے سے طالبان کے بارے میں یہ تاثر پھیلانا مقصود ہے کہ وہ اپنے موقف کے حوالے سے تردد اور ابہامات کا شکار ہیں اور ان کے پاس اپنے مسائل کا پرامن حل موجود نہیں ہے۔

حالانکہ دیکھا جائے تو اب تک طالبان سے مذاکرات کے حوالے سے امریکا نے اپنی اظہار رضامندی سے زیادہ کچھ بھی نہیں کیا۔ ہمارا خیال ہے کہ امریکا اور افغان طالبان کے مذاکرات کے لیے ابھی بہت سی منزلیں طے ہونا باقی ہیں۔

امریکا اگر مذاکرات کرنے کو تیار ہے اور وہ واقعتاً افغان مسئلے کا پرامن حل چاہتا ہے تو سب سے پہلے تو اسے مذاکرات کے حوالے سے اپنی سنجیدگی ثابت کرنی ہوگی اور روز اول سے جس انداز سے اس معاملے کو امریکا جس نظر سے دیکھ رہا ہے اسے ترک کرنا ہوگا۔ اسے طالبان کو اعتماد دلانا ہوگا کہ مذاکرات کے نام پر ان سے دھوکا نہیں ہونے والا۔ اسے طالبان کو دنیا میں وہی حیثیت دلانا ہوگی جو 2001 میں طاقت کے وحشیانہ استعمال اور جھوٹ کے سیل رواں کے ذریعے ان سے چھینی گئی تھی۔ طالبان کے خلاف منفی پروپیگنڈے کا خاتمہ کرنا ہوگا، طالبان کا فکری استحصال ختم کرنا ہوگا، ان کی نظریاتی اور فکری حیثیت کا احترام کرنا ہوگا۔ طالبان کے خلاف جنگ کو دہشت گردی کے خلاف جنگ کا دیا ہوا نام ہٹانا ہوگا، افغان عوام کی آزادی و حریت کو تسلیم کرنا ہوگا اور انہیں اس بات کا حق دینا ہوگا کہ وہ اپنے لیے اپنی پسند کے مطابق سیاسی نظام منتخب کریں، افغانوں کے کلچر، ثقافت اور مذہب کا احترام کریں اور ان پر تھوپی گئی مغربی ثقافت و کلچر کا خاتمہ کریں، انہیں دنیا میں قابل احترام حیثیت دلائیں، دنیا بھر میں انہیں سفر کی آزادی مہیا کریں، میڈیا پر انہیں اپنا موقف پیش کرنے کی پوری آزادی دی جائے، قیدیوں کو رہائی دیں اور انہیں رابطوں کی آزادی دیں۔

کیا صرف اس لیے کہ امریکا مذاکرات پر راضی ہے تو طالبان اپنا سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر مذاکرات کرنے بیٹھ جائیں؟ جس نظریے اور موقف کی خاطر امیر المومنین ملا محمد عمر مجاہد رحمہ اللہ نے دنیا کی تمام تر آسائشوں کو ٹھکرایا اور پہاڑوں کی مشکلات بھری زندگی کو اختیار کیا۔ اسی نظریے کا تحفظ اور افغان عوام کی مستقل آزادی و خود مختاری ہی امارت اسلامیہ کا اصل ہدف اور مشن ہے اس سے کم پر کسی صورت سمجھوتہ کرنا سب سے بڑی غداری ہوگی۔

★★★

مسجد اقصی پر یہودیوں کا قبضہ اور مسلمانوں کی نماز پر پابندی

تحریر : سجاد

1967 میں غاصب یہودی فوج نے عرب اور اسرائیل کے درمیان چھ روزہ جنگ کے دوران فوجی قوت کے بل بوتے پر بیت المقدس شہر اور مسجد اقصی پر قبضہ کرلیا جو صدیوں سے یہودیوں کی تمنا تھی تاکہ وہ اپنے منصوبوں کو عملی شکل دینے کے لئے ہیکل سلیمانی تعمیر کریں۔

اس کے بعد یہودی فوج نے مسلمانوں پر قبلہ اول میں نماز پڑھنے پر پابندی لگائی ،وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ان پابندیوں میں مزید شدت پیدا کی گئی، آج ہم دیکھ رہے ہیں کہ اسرائیلی حکومت نے مسجد اقصی میں نماز پڑھنے پر پابندی لگائی ہے۔

اسرائیلی صیہونی حکومت نے 30 اکتوبر کو ایک بنیاد پرست یہودی [اگلیک] پر قاتلانہ حملے کا بہانہ بناکر مسلمانوں پر پابندی لگانے کا اعلان کیا لیکن اس واقعہ کے ساتھ انہوں نے مسجد اقصی کی دوسری جانب میں یہودیوں کو وہاں جانے اور عبادت کرنے کی اجازت دیدی ہے تاکہ وہ ہیکل سلیمانی کی تعمیر کا آغاز کریں۔ یہودیوں کی جانب سے مسجد اقصی کے مشرق میں واقع جس جگہ کو عبادت کے لئے مختص کرنے کی کوششیں ہورہی ہیں وہ القبلی مسجد کے نام سے مشہور مسجد اقصی کا پرانا تاریخی حصہ ہے۔

یہ چند اسرائیلی یہودیوں کا مطالبہ نہیں ہے بلکہ اس کے لئے اسرائیل کی پارلیمنٹ نے قانونی منظوری دینے کا عندیہ بھی دیاہے، چند ہفتے قبل برسراقتدار پارٹی [لیکوڈرسن مری ویگیو] کی یہودی قیادت نے پارلیمنٹ میں اس کا مسودہ پیش کرکے بظاہر یہ اشارہ دیا کہ وہ مسجد اقصی پر قبضہ کرنا نہیں چاہتے صرف یہودیوں کی عبادت کے لئے ایک جگہ مختص کرنا چاہتے ہیں، اس قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کو چھ ماہ قید اور پچاس ڈالر جرمانہ عائد کرنے کی سزادی جائے گی۔

اسرائیل کی پارلیمنٹ میں پیش ہونے والا اس مسودہ قانون پر بحث ہورہی ہے، ابھی تک اس پر رائے شماری اور اس کی منظوری باقی ہے لیکن یہودی حکومت نے پارلیمنٹ کے فیصلے سے قبل مسجد کا ایک حصہ یہودیوں کے لئے مختص کردیا ہے۔

اس کے رد عمل میں فلسطین کی آزادی کی تحریک [حماس] نے فلسطینی ادارے سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ قبلہ اول کی دیکھ بھال کی ذمہ داری اسرائیل سے واپس لے لیں اورانہوں نے مسجد اقصی سے متعلق اسرائیلی پارلیمنٹ کی بحث پر اندیشہ بھی ظاہر کیا ہے، حماس نے خبردار کیا ہے کہ مسجد اقصی پر اسرائیل کے قبضہ کی کوشش کے خطرناک نتائج برآمد ہوں گے اور پھر تمام تر ذمہ داری اسرائیل پر عائد ہوگی۔

اس اقدام کی کوشش سے اسرائیلی وحشت کے خلاف جاری نفرت میں مزید اضافہ کا سبب ہوگا، اسرائیل کے اس اقدام کے خلاف اور فلسطینیوں کی حمایت میں لندن، افریقی ممالک اور یورپ میں بڑی بڑی ریلیاں نکالی گئیں اور بڑے بڑے مظاہرے ہوئے۔

صیہونی ریاست کے توسیع پسندانہ عزائم کے بارے میں فلسطین کے ممتاز عالم دین اور فلسطین احقاف اسلامی جماعت کے سربراہ نے کہا کہ قبلہ اول کے زمان ومکان کی تقسیم کے لئے سازشیں ہورہی ہیں جس کے باعث ہر روز حملوں اور نمازیوں پر تشدد کے واقعات میں اضافہ ہورہاہے، اب اسرائیلی حکومت اس اقدام کی جسارت کررہی ہے جو 1961 سے اب تک اس میں ناکام رہی ہے، اسرائیلی حکومت نے مسلمانوں کی نماز پر پابندی لگانے کی کوشش کی ہے جو مسلمانوں کے لئے ناقابل قبول عمل ہے اور یہ اقدام اسرائیلی حکومت کا سیاہ ترین حرکت ہے۔

اسرائیلی فوج نے قبلہ اول میں مسلمانوں کی نماز پر پابندی کے بعد سلطان صلاح الدین ایوبی کے منبر پر قبضہ کیا اور اس کے بعد مسلمانوں کو المسجد القبلی [مسجد اقصی کا مشرقی حصہ] جانے سے روک دیا گیا اور مسلمانوں پر فائرنگ کرکے ظلم کی نئی تاریخ رقم کی گئی، یہ واقعہ بھی پہلی بار پیش آیا۔

یہ صورتحال امت مسلمہ کے لئے پریشان کن ہے، اسرائیل بتدریج مسجد اقصی پر قبضہ کی کوشش کررہاہے لیکن اس پر اسلامی ممالک کے حکمران خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں، ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ مسلم ممالک کے حکمران فروعی اختلافات کو بھلاکر قبلہ اول کی آزادی کے لئے کردار ادا کرتے، استعماری قوتوں کی سازشوں کو ناکام بناتے اور ان کا مقابلہ کرتے، قبلہ اول کے دفاع کے لئے متحد ہوکر آواز بلند کرتے اور اسرائیل کی حمایت کرنے والے امریکہ، روس ودیگر ممالک پر دباؤ لانے کی کوشش کرتے، اسلامی تنظیم کو فعال بناتے اور فلسطین کے مظلوم عوام کو اسرائیل کے مظالم کی نجات دلانے کی کوشش کرتے لیکن افسوس مسلم حکمران بے حس ہوچکے ہیں۔

اسلامی غیرت اور خلوص کا پیکر،

ابدی نیند سو گئے

خبیر احمد مجاہد

مولوی سید محمد حقانی رحمہ اللہ نے ساری زندگی دین اسلام کی خدمت اور شریعت کے نفاذ کی جدوجہد میں گزاری۔ جب افغانستان میں شر اور فساد کے خلاف طالبان کی اسلامی تحریک کا آغاز ہوا تو اسی دن سے وفات تک انہوں نے اسلام کی سربلندی اور ملک کی خدمت میں جہد مسلسل کے ساتھ زندگی گزاری۔

ان کی زندگی جہد مسلسل سے عبارت تھی انہوں نے امارت اسلامیہ کی صف میں شعبہ اطلاعات میں فعال کردار ادا کیا، سیاسی اور معاشرتی خدمات انجام دیں جو ذمہ داری ان کی سپرد کی جاتی وہ بہترین انداز میں نبھانے کی کوشش کرتے وہ مخلص اور مدبر رہنما تھے انہیں جس ادارے میں بھی خدمت کا موقع ملتا تھا وہ دلجمعی کے ساتھ خدمت انجام دیتے تھے، اپنے ادارے کے نظم ونسق، شفافیت اور ترقی کے لئے وہ مثالی کردار ادا کرتے تھے۔

اللہ نے انہیں بہت ساری خوبیوں اور صلاحیتوں سے نوازا تھا، وہ حسین اخلاق اور بہترین کمالات کا مجموعہ تھے وہ اپنی شرین گفتگو سے ساتھیوں کی ذہن سازی کرتے تھے، ان کے درمیان اخوت اور محبت کی فضا قائم کرتے تھے، نفرت اور تعصب کے رویے کے خلاف تھے، وہ مسلمان کو پریشان دیکھ کر پریشان ہوتے تھے اور خوش دیکھ کر خوش ہوتے تھے۔

مرحوم حقانی صاحب صرف زبانی جمع خرچ پر یقین نہیں رکھتے تھے بلکہ وہ جو کام کرتے تھے اس کو عملی جامہ پہنا کر صدق دل سے کرتے تھے، وہ عملا نیک، پارسا اور زاہد انسان تھے وہ بیت المال کے حساب میں بہت محتاط اور حساس تھے وہ نہایت کوشش کرتے تھے کہ جہاد کی دولت اپنی ذاتی زندگی میں صرف نہ کریں۔

اللہ نے انہیں بہت ساری خوبیوں سے نوازا تھا وہ اپنے ساتھیوں کا بہت خیال رکھتے تھے، وہ ہمیشہ مجاہدین کو نصیحت کرتے تھے کہ عوام کے ساتھ نرم رویہ رکھیں اس لئے وہ ہمیشہ اجلاسوں میں ان فیصلوں کی تائید کرتے تھے جن کا فائدہ عوام کو پہنچتا تھا۔

ان کی رحلت یقینا ہمارے لئے کسی صدمہ سے کم نہیں لیکن ہر انسان نے اس فانی دنیا سے رخصت ہو کر جانا ہے ان کی وفات سے جو خلا پیدا ہوا وہ مدتوں پورا نہیں ہو گا وہ درویش صفت، بہادر مجاہد، اچھے اخلاق کے مالک اور ہر دلعزیز رہنما تھے، وہ عدل ومساوات اور خلوص ومروت کا پیکر تھے وہ انسانی ہمدردی کے جذبات سے معمور تھے، انہوں نے ہر دل کو افسردہ چھوڑ دیا، ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالی کی خدمات کو قبول فرمائے، ان کے پسماندگان، لواحقین اور متعلقین کو صبر جمیل عطا فرمائے اور ان کے بہترین نعم البدل ان کے خاندان کو عطا فرمائے۔

۞۞۞

امریکا کی کسمپرسی

عبدالرحمن

عالمی سطح پر زیرِ استعمال منافقانہ سیاست کی دہشت گردی کا جائزہ لیجیے!

"امریکا نے روس سے اپیل ہے کہ ہم دونوں کو مل کر افغانستان کے امن وامان کے حوالے سے پیش رفت کرنا ہوگی۔ اگر ہماری یہ کوشش کامیاب ہو جاتی ہے تو افغانستان کے علاوہ خطے کے دیگر ممالک سے بھی مطلوبہ مقصد کے بارے میں کافی اچھے نتائج دیکھنے کو ملیں گے۔"

امریکا کی کسمپرسی دیکھیے کہ اس خبر کے بین السطور میں اس کا وہ اعترافِ شکست نمایاں ہے، جسے وہ واضح الفاظ میں ادا کرتے ہوئے ڈرتا ہے۔ گویا اگر اس نے کہہ دیا کہ "میں افغانستان میں ہار گیا ہوں" تو زبان پر چھالے نکل آئیں گے۔ یہ ایک حیرت ناک امر ہے کہ امریکی وزیرِ خارجہ جان کیری روس کے دورے کے دوران روسی انتظامیہ پر برس رہے تھے۔ جان کیری کا کہنا تھا کہ "روس نے داعش کے خاتمے اور بشارالاسد کی حمایت کے بہانے شام کے بے گناہ اور معصوم لوگوں کا خون بہانا شروع کر رکھا ہے۔ روسی حملوں کے نتیجے میں اسکول میں جانے والے شامی بچوں، خواتین، بوڑھوں اور معذوروں سمیت جتنے بھی لوگ ہلاک ہو رہے ہیں ... ان میں کوئی بھی داعش کا حامی نہیں ہے... بلکہ وہ لوگ تو شام کے جنگی حالات کے باعث پیدا ہونے والے تباہ کن غذائی المیے کے پیش نظر روٹی کے ایک ایک لقمے کو ترس رہے ہیں۔ روس ایسے لوگوں پر بمباری کر کے انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی کا مرتکب ہو رہا ہے۔"

دوسری طرف یہی امریکا ہے، جو افغانستان کے معاملے میں روس جیسے دہشت گرد کو امن کی فاختائیں اُڑانے کی دعوت دے رہا ہے۔ درحقیقت امریکا اپنی سلگائی ہوئی جنگ کی اس بھٹی سے نکلنے کو بے تاب ہے۔ ہزار ہاتھ پاؤں مارنے کے باوجود کوئی ایسی قابلِ عمل صورت سامنے نہیں آرہی، جس سے "عزتِ سادات" کی لاج باقی رہ سکے۔ اس کی کوشش ہے کہ امن کے عمل میں شرکت کے بہانے روس کو یہاں گھسیٹا جائے۔ اوّل، اس سے امریکا کو نکلنے کا راستہ مل جائے گا۔ دوم، افغانستان میں لگائی گئی جنگ کی آگ بھڑکتی رہے گی، جس سے اس کی اسلحہ انڈسٹری چلتی رہے گی اور اقتصادی و معاشی مفادات کا بھی تحفظ ہوتا رہے گا۔ تیسرے، مسلمانوں کو "خلافت اسلامیہ کا سہارا" ملنے کی جو امید پیدا ہوگئی ہے، اس پر پانی پھیرا جا سکے گا۔ چوتھے، آج کل روس امریکی چودھراہٹ کو چیلنج دینے لگا ہے، اس طرح اس کے پَر کاٹے جا سکیں گے۔

افغانستان کی موجودہ صورتِ حال کے تناظر میں امریکی فوجوں میں اتنا دم خم نہیں ہے کہ وہ طالبان کے ہاتھوں مکمل تباہ ہونے سے بچ پائیں۔ جس طرح قندوز کی فتح نے اسلام دشمنوں کے ہوش اُڑا دیے تھے، ہلمند میں ہونے والی تازہ کارروائیوں کی وجہ سے اس صوبے کے کئی اہم اضلاع بھی طالبان کے قبضے میں آ گئے ہیں۔ دوسری طرف افغان کٹھ پتلی حکومت بالکل بے دست و پا ہے۔ گھر کی نہ گھاٹ کی...! امریکا کی نہ اپنی...! افغان فوج جس علاقے کا بھی قبضہ برقرار رکھنے میں ناکام ہو جاتی ہے، وہاں کے صوبائی ذمہ داران کا پہلا بیان یہ ہوتا ہے کہ "ہم کافی عرصے سے حکومت کی توجہ اس جانب مبذول کرانے میں مشغول تھے۔ اشرف غنی انتظامیہ کو خبردار کیا تھا کہ اگر ہمیں مزید کمک اور فوج مہیا نہ کی گئی تو اس علاقے کے ہمارے ہاتھوں سے چلے جانے کی ذمہ داری ہم پر لاگو نہیں ہوگی۔" جب کہ دوسری طرف افغان فوج کا یہ معمول بن گیا ہے کہ آئے روز اس کے کئی اہل کار طالبان کی صفوں میں شامل ہو رہے ہیں، جس سے افغان فوج کا مورال گرنے کے علاوہ اس کی تعداد میں بھی اچھی خاصی کمی واقع ہوگئی ہے۔ یہی وجہ ہے افغان حکومت مختلف صوبوں کی جانب سے موصول ہونے والی مدد کی درخواستوں پر عمل

درآمد کرنے کی سکت نہیں رکھتی۔ لہٰذا حکومت فوج کی تعداد کے مسئلے پر قابو پانے کے لیے افغان معاشرے کے چھٹے ہوئے بدقماش لوگوں کو "قومی ملیشیا" کے نام سے جمع کر کے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے تعاون کے لیے بندوقیں پکڑا دیتی ہے۔ نتیجۃً یہ آوارہ مزاج گروہ عام شہریوں کے جان، مال اور عزت پر ڈاکے ڈال کر اپنے شیطانی مزاج کو تسکین دینے کی کوشش میں رہتے ہیں۔ جس کے باعث افغان معاشرہ مزید ابتری کی طرف جارہاہے۔ اگر افغان حکومت کی جانب سے امن کی خواہش کو فرض کرلیا جائے کہ وہ واقعۃً اس معاملے میں مخلص ہے تو حالات کے پے درپے بدلنے کی وجہ سے وہ کوئی درست فیصلہ کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہے۔ خود اعتمادی اور موجود وسائل کے بہتر استعمال کی سمجھ سے عاری ہونے کی وجہ سے ہر نیا دن مسائل میں اضافہ کرتا چلا جارہاہے۔ دوسری طرف یہ صورت حال طالبان کے لیے ایک طرح سے نیک شگون رکھتی ہے کہ عوام کی امیدوں کا محور تبدیل ہو رہاہے۔ وہ طالبان پر زیادہ اعتماد کرتے ہیں کہ امارت کے زیرِ اقتدار علاقوں میں امن کی فضا بہت دل خوش کن ہے۔ جس سے وہاں کی معاشرت اور معیشت کے حوالے سے بہتری کی خبریں موصول ہو رہی ہیں۔

بظاہر تو یہی نظر آرہاہے کہ سرخ ریچھ کو افغانستان سے انخلا کے بعد جو عرصہ سنبھلنے کو ملاہے، جس سے اس کے بال و پر دوبارہ نکل آئے ہیں، وہ اس کے باوجود امریکا کی پیش کش قبول نہیں کرے گا۔ لیکن جیسا کہ اسلام پسندوں کی ترقی اور کامیابی کی راہ میں روڑے اٹکانے میں سب کافروں نے ایکا کر رکھاہے، اس سے کوئی بعید بھی نہیں ہے کہ روس براہِ راست نہ بھی ہوسکا تو اندریں خانہ افغانستان میں اپنا تخریبی اثر و رسوخ استعمال کرنے کی ضرور کوشش کرے گا۔ میڈیا پر ایک گہرے تسلسل کے ساتھ ایک جیسی دو خبروں کی گردش اس طرف اشارے کرتی دکھائی دیتی ہے۔ پہلی خبر، جس میں برطانوی اخبار "روزنامہ سنڈے ٹائمز" نے کہا:

"ستمبر کے مہینے میں امارت اسلامیہ کے سربراہ امیر المؤمنین ملا اختر محمد منصور حفظہ اللہ نے تاجکستان میں روسی صدر ولادی میر پوٹن سے ملاقات کی ہے۔"

اس پر امارت کے ترجمان کی جانب سے جاری اعلامیے میں کہا کہ "ایسی کوئی ملاقات دنیا کے کسی بھی حصے میں نہیں کی گئی۔ ہم اس خبر کی پُرزور مذمت کرتے ہوئے باور کراتے ہیں کہ اس خبر میں جھوٹ کے سوا کچھ نہیں ہے۔"

دوسری خبر، جس میں دسمبر کے اواخر میں بعض شرپسند نشریاتی اداروں کی جانب سے افغانستان کے لیے روس کے خصوصی ایلچی "ضمیر کابلوف" کے حوالے سے رپورٹ شایع کی گئی کہ:

"افغانستان میں داعش کے بڑھتے ہوئے اثر و رسوخ کو ختم کرنے کی خاطر امارت اسلامیہ کے سرکردہ افراد کے ساتھ بات چیت ہوئی ہے۔"

اس پر امارت کا دلچسپ تبصرہ بھی ملاحظہ فرمائیے:

ترجمان کا کہنا ہے کہ "امارت اسلامیہ نے وطن عزیز سے امریکی قبضہ ختم کرانے کی خاطر خطے کے متعدد ممالک سے رابطہ کیا ہے اور کر رہی ہے۔ یہ ہمارا جائز حق ہے۔ لیکن نام نہاد داعش کے خلاف ہمیں کسی کے تعاون کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ ہم نے اس بارے میں کسی سے رابطہ کیا ہے اور نہ ہی بات چیت کی ہے۔ افغان عوام نے اللہ تعالیٰ کے فضل و نصرت سے گزشتہ 14 سالوں میں 49 غاصب ممالک اور ان کی شرپسند کٹھ پتلی انتظامیہ کا مقابلہ کرکے اسے شکست سے دوچار کیا ہے۔ لہٰذا اسی بنیاد پر ہم داعش کے خطرے کو بھی بآسانی ختم کرسکتے ہیں۔ حالانکہ واقعہ یہ ہے کہ اس ناسور کا کافی حد تک علاج ہو بھی چکا ہے۔"

اس میں شک نہیں کہ یہ دونوں خبریں جھوٹ کے پلندے کے سوا کچھ نہیں ہیں۔ ایسی مضحکہ خیز خبریں ہیں کہ بظاہر معلوم ہوتا ہے "خبر ساز اداروں کی عقل گھاس چرنے چلی گئی ہے۔ اتنا بھیانک جھوٹ گھڑنے کو جگر کی اچھی خاصی مقدار چاہیے۔ لیکن مغربی میڈیا کی جانب سے مخصوص اشاروں کے بعد ایسی خبریں نشر کرنا بہت معنی رکھتا ہے۔ جس سے اگلے وقت کے حالات کے حوالے سے کافی کچھ سوچا جاسکتا ہے۔

لیکن یہ سچ ہے کہ مجاہدین آج پہلے سے زیادہ طاقت ور ہیں، جو اکیسویں صدی کے امریکا کو شکست دے چکے ہیں، وہ اِسی صدی کے روس کو مزید ٹکڑے کرنا بھی جانتے ہیں۔ اور یہ ایسا سچ ہے، جسے دنیا کا کوئی جھوٹ فتح نہیں کرسکتا!

☆☆☆

افغانستان دسمبر 2015 میں

احمد فارسی

نوٹ! اس تحریر میں ان واقعات اور جانی ومالی نقصانات کی نشاندہی کی گئی ہے جو دشمن کی جانب سے میڈیا پر نشر کی گئی ہے۔ نقصانات کے حقیقی اعداد وشمار اور ان سے متعلق خبریں الامارہ ویب سائٹ سمیت دیگر ویب سائٹوں پر دیکھے جاسکتے ہیں۔

دسمبر 2015 میں مجاہدین کی جانب سے بہت سی فتوحات کے ساتھ ساتھ کچھ دیگر بھی کامیابیاں حاصل ہوئیں۔ اس ماہ میں دیگر مہینوں کی طرح بیرونی فوجیوں کو اندازے سے زیادہ جانی ومالی نقصانات پہنچے۔ اس کے ساتھ ساتھ دنیا کے لوگوں نے وہ حیران کن واقعات بھی دیکھے جو کابل انتظامیہ کے عسکری اہلکاروں کے ہاتھوں مختلف مواقع پر سرزد ہوئے ہیں۔ ذیل میں ان تمام واقعات کی تفصیل پڑھیں۔

جارحیت پسند دشمن کے نقصانات:

حالانکہ گذشتہ ماہ جارحیت پسندوں نے اپنے ہونے والے نقصانات کا کوئی اعتراف نہیں کیا۔ دسمبر میں دشمن کے اپنے اعتراف کے مطابق جہادی حملوں میں 6 بیرونی فوجی ہلاک ہوگئے۔ اس طرح 2015 میں دشمن کے اپنے اعتراف کے مطابق بیرونی فوجیوں کی ہلاکتوں کی کل تعداد 28 ہوگئی ہے۔ یہ تعداد 2001 کے علاوہ جارحیت کے گذشتہ پورے دورانیے میں سالانہ سب سے کم تعداد سمجھی جاتی ہے۔ اس دسمبر میں بیرونی ہلاکتوں کی کل اعترافی تعداد 3512 تک پہنچ گئی ہے جن میں سے 2378 امریکی، 455 برطانوی اور بقیہ دیگر اتحادی ممالک سے تعلق رکھتے ہیں۔

جارحیت پسندوں نے اپنے 6 فوجیوں کی ہلاکت کا اعتراف کیا حالانکہ اس ماہ کے دوران ہلمند، کابل اور پروان کے صوبوں میں ہلاک ہونے والے فوجیوں کی کل تعداد درجنوں میں ہے۔

دشمن کے بعض ذرائع نے کہا ہے کہ گذشتہ 14 سالوں میں 34 ہزار فوجی ہلاک اور زخمی ہوئے ہیں۔ یہ تعداد حقائق سے بہت دور ہے۔ رواں سال شائع ہونے والی رپورٹوں میں جو معلومات دی گئی ہیں اس کے مطابق وہ دائمی معذور جو زندہ اور دماغی لحاظ سے تندرست ہوکر اپنے گھروں کو لوٹے ہیں ان کی تعداد دس ہزار سے بڑھ کر ہے۔ حالانکہ وہ جو معذور ہوکر گھروں کو لوٹے یا ذہنی بیماریوں میں مبتلا ہوگئے ہیں یا جنہوں نے خودکشی کرلی ہے وہ سب ان کے علاوہ ہیں۔

کٹھ پتلی دشمن کے ہونے والے نقصانات:

16 دسمبر بروز بدھ امریکی وزارت دفاع نے اعلان کیا کہ افغان فوجی اہلکاروں میں ہلاکتوں کی تعداد گذشتہ سال کی بنسبت 27 فیصد بڑھ گئے ہیں۔ طالبان اب بھی بیرونی جارحیت پسندوں اور ان کے داخلی مزدوروں کے مقابلے میں ایک بڑا چیلنج ہیں۔

دسمبر کے مہینے میں بھی نیشنل آرمی اور اربکی اہلکار ملک کے کونے کونے میں مجاہدین کے حملوں کا شکار ہوگئے۔ محترم قارئین مشت نمونہ از خروارے کے طور پر ہلاکتوں کے کچھ اعداد وشمار آپ کے سامنے رکھیں گے۔

12 دسمبر بروز ہفتہ صوبہ بغلان ضلع برکی کا ضلعی گورنر مجاہدین کے حملے میں ہلاک ہوگیا۔ اس کے بعد صوبہ سرپل ضلع صیاد میں 22 دسمبر بروز منگل ایک پولیس سربراہ اپنے 12 ساتھیوں سمیت ہلاک ہوگیا۔ اس واقعے کے چار روز بعد کابل شہر کے مشرق میں مزدور فوج کے دو افسران بھی مجاہدین کے اچانک حملے میں ہلاک ہوگئے۔ اسی طرح 30 دسمبر کو شائع ہونے والی ایک رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ فاریاب ضلع المار میں ایک اربکی اپنے کمانڈر کو ہلاک کرنے کے بعد صحیح سلامت وہاں سے نکل آیا۔

عزم آپریشن:

دسمبر میں عزم آپریشن اپنے جوبن پر رہا۔ بہت سے مقامات پر فتوحات کا سلسلہ جاری رہا۔ ذیل میں اس ماہ کے دوران ہونے والے وقعات کی تفصیل دی جارہی ہے۔

ہلمند کے مختلف مقامات پر مجاہدین کے شدید ترین حملوں کے بعد 2 دسمبر کو صوبائی اسمبلی نے حکومت کو تنبیہ کی کہ ضلع خانشین کا سقوط ہونے والا۔ اس کے بعد 8 دسمبر کو مجاہدین نے ضلع خانشین پر فیصلہ کن حملہ کیا اور اس کے اگلے روز تمام عسکری اور انتظامی وسائل سمیت پورا ضلع قبضہ میں لے لیا۔

اس کے کچھ روز بعد 12 دسمبر کو ضلع مارجہ بھی مجاہدین کے ہاتھ آگیا۔ وہاں دشمن کے

جانی نقصانات کے علاوہ بہت سا بھاری وہلکہ اسلحہ، گاڑیاں، بکتر بند گاڑیاں مجاہدین کے قبضے میں آگئیں۔ اس کے اگلے روز اس صوبے کے صوبائی شوری نے اعلان کیا کہ طالبان مرجہ پر قبضہ کے بعد صوبے کے دوسرے علاقوں کی طرف رخ کر رہے ہیں۔ 17 دسمبر کو وسیع حملوں کے سلسلے میں ضلع واشیر کے کچھ سیکیورٹی چیک پوسٹوں پر امارت اسلامیہ کے مجاہدین کا قبضہ ہوگیا۔ اور بالآخر 20 دسمبر بروز اتوار شدید لڑائی کے بعد ضلع سنگین پر بھی مجاہدین کا جھنڈا لہرانے لگا۔

ہلمند کے پڑوس میں بھی عسکری آپریشن نے اپنی خاموشی توڑ دی اور جگہ جگہ سے فتوحات کی خبریں آنے لگیں۔ اس سلسلے میں 8 دسمبر کو مجاہدین نے قندہار شہر کے 9 زون میں شدید حملے کیے جس میں 35 پولیس اہلکار ہلاک وزخمی ہوگئے۔ اسی روز اس صوبے کے ہوائی اڈے پر بھی فدائی حملہ ہوگیا۔ اس میں دشمن کو قابل ذکر نقصانات اٹھانے پڑے۔ 7 دسمبر کو ضلع غورک میں مجاہدین نے رات کی کارروائی میں چیک پوسٹ پر موجود 14 اہلکاروں کو مار ڈالا۔ 23 دسمبر کو زابل ضلع شاجوئی میں شدید لڑائی ہوئی جس میں دشمن کو شدید نقصان اٹھانا پڑا۔ 2 دسمبر کو شمال کے مجاہدین نے اعلان کیا کہ وہ ابھی اس وقت کندوز کے دروازے پر ہیں اور مکمل طور پر مسلح اور تیار ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ مجاہدین اب بھی قندوز شہر پر قبضہ کر سکتے ہیں۔ مگر جنگی اور عام لوگوں کی مصلحتوں کی خاطر اس پر قبضہ نہیں کرنا چاہتے۔

ملک کے مشرقی حصے میں بھی عزم آپریشن کا سلسلہ پوری قوت سے جاری تھا۔ 7 دسمبر کو امارت اسلامیہ کے مجاہدین نے ننگرہار ضلع سرخرود کے مرکز پر حملہ کیا اور اس کی وجہ سے دشمن کو شدید ترین نقصان پہنچایا۔ 10 دسمبر کو مجاہدین نے ایک بار پھر نورستان ضلع کامدیش کے ضلعی آفس پر حملہ کی اور وہاں بہت سے سیکیورٹی تنصیبات کو نقصان پہنچایا۔

ملک کے جنوب میں جنگوں اور فتوحات کا سلسلہ جاری رہا۔ 8 دسمبر کو امارت اسلامیہ کے مجاہدین نے پکتیکا کے ضلع وڑمی میں کابل انتظامیہ کی کانوائے پر شدید حملہ کیا جس کے نتیجے میں انتظامیہ کے 42 فوجی ہلاک اور زخمی ہوگئے۔

دسمبر وہ مہینہ تھا جس میں جارحیت پسند اور ان کے کٹھ پتلی ملک کی دارالحکومت اور مرکزی صوبوں کو مجاہدین کے آپریشن سے محفوظ نہ رکھ سکے۔ 11 دسمبر کو کابل میں جارحیت پسندوں کے ریسٹوران اور اسپین کے سفارت خانے پر فدائی حملہ ہوا 7 گھنٹے تک جاری رہنے والی اس لڑائی میں 50 بیرونی جارحیت پسند اور ان کے کٹھ پتلی فوجی ہلاک ہوگئے۔ 21 دسمبر کو امارت اسلامیہ کے مجاہدین نے امریکی سفارت خانے کے قریبی علاقوں پر راکٹ کے حملے کیے۔ جس کے دھماکوں کی آوازیں دور تک سنی اور آگ کے شعلے دور تک دیکھے گئے۔ مگر نقصانات کے متعلق کوئی رپورٹ تاحال نشر نہیں کی گئی۔ اس واقعے کے اگلے روز کابل میں ایک خاتون امریکی فوجی بھی ہلاک ہوگئی۔

28 دسمبر کو کابل کے ہوائی اڈے کے قریب جارحیت پسندوں کے عسکری کانوائے پر مجاہدین کی جانب سے شدید حملہ کیا گیا جس میں 13 فوجی ہلاک ہوگئے۔

21 دسمبر کو پروان میں جمع ہونے والے دشمن کی فوج بھی فدائی مجاہدین کا نشانہ بنی۔ یہ حملہ ضلع بگرام میں بیرونی جارحیت پسندوں پر ہوا نیویارک پولیس کے انکشافات کے مطابق اس میں 6 امریکی فوجی ہلاک اور کئی زخمی ہوگئے۔

جنوب مغرب سے آنے والی خبریں بتاتی ہیں کہ وہاں دیگر علاقوں کی طرح مختلف جہادی کامیابیاں حاصل ہوئیں۔ 23 دسمبر کو صوبہ فراہ ضلع گلستان پر مجاہدین کا قبضہ ہوگیا۔ اس کے ایک روز بعد ضلع شیرین تگاب مجاہدین کا قبضہ مستحکم ہوگیا۔

جارحیت پسند اور ان کے خواب:

جارح دشمن ایک جانب مسلسل شکست سے دوچار ہونے کے بعد ملک سے فرار ہونے کی راہ تلاش کر رہا ہے۔ اس نے بڑی تعداد میں فوج نکال بھی دیے ہیں، دوسری جانب اسی اتحاد کے بعض ممالک اب بھی افغانستان میں دائمی قیام کے خیالی خواب دیکھ رہے ہیں۔

2 دسمبر کو ناٹو کے وحشیوں نے بروکسل میں منعقدہ ایک اجلاس میں فیصلہ کیا کہ ان کی فوج 2016 کے بعد بھی کابل انتظامیہ کے تعاون کے لیے افغانستان میں موجود رہے گی۔ اس فیصلے سے ایک روز قبل بھی ایک امریکی سینیٹر نے افغانستان میں اپنی پیش رفت کا دعوی کیا تھا اور کہا تھا کہ اب بھی جنگ جیتنے کے امکانات ہیں۔ حالانکہ دنیا بھر کے لوگوں نے ان کی شکست اور ناکامی دیکھ لی ہے اور سب یہ تسلیم کرتے ہیں کہ مجاہدین مزید کامیابیاں حاصل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

امارت اسلامیہ نے جارحیت پسندوں کے اس اعلان کی مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ افغان عوام آخری جارح فوجی کے انخلاء تک اپنا جنگ جاری رکھیں گے۔

عوامی نقصانات اور عوام کی اذیتیں:

دسمبر 2015 میں 30 عام افراد جارحیت پسندوں اور ان کے کٹھ پتلی فوجیوں کے ہاتھوں مختلف واقعات میں شہید کردیے گئے۔ اس کی تفصیل قارئین الامارہ ویب سائٹ پر عوامی نقصانات کی رپورٹ میں ملاحظہ کر سکتے ہیں۔ چند ایک واقعات کا ذکر

یہاں بھی ملاحظہ کریں۔ یکم دسمبر کو افغان فوج کے مسلح شر پسندوں نے پکتیا ضلع گرد چیڑی میں ایک عالم دین کو اس لیے شہید کر دیا کہ اس نے ایک ہلاک ہونے والے فوجی کی نماز جنازہ پڑھانے سے انکار کر دیا تھا۔ اس کے بعد 5 دسمبر کو افغان فوجیوں نے میدان وردگ ضلع سید آباد میں مارٹر کے گولے سے بچوں سمیت 12 عام افراد کو شہید کر دیا۔ اس طرح کے ایک اور واقعے میں 14 دسمبر کو مسلح اربکیوں نے ننگرہار ضلع بہسود میں خواتین اور بچوں سمیت ایک خاندان کے 8 افراد کو شہید کر ڈالا۔

15 دسمبر کو غزنی ضلع دہ یک میں بیرونی جارحیت پسندوں نے رات کو چھاپے کے دوران ایک امام مسجد اور اس کے ساتھ 5 دیگر افراد کو شہید کر ڈالا۔ اس کے علاوہ مذکورہ علاقے کے لوگوں پر اس وقت اربکیوں نے حملہ کیا جب لوگ ان شہداء کی تجہیز و تکفین میں مصروف تھے۔ اس حملے میں بھی بہت سے لوگ شہید اور زخمی ہو گئے ۔ اسی روز غزنی کے لوگوں نے دھمکی دی کہ اگر انہیں اربکیوں کے شر سے نجات نہ دلائی گئی تو وہ مظاہروں کا سلسلہ شروع کر دیں گے۔ حالانکہ گذشتہ ماہ میں اسی علاقے میں اربکیوں کے ہاتھوں خواتین اور بچوں کے اغواء، جنسی زیادتی اور ڈاکے کی مختلف وارداتوں کی رپورٹ دی گئی ہے۔ اس واقعے کے ایک روز بعد وحشی بیرونی جارحیت پسندوں نے ننگرہار کے ایک عالم کو شہید کر دیا جو کافی عرصے سے بگرام میں قید تھے۔ 27 دسمبر کو ایک انتہائی کربناک اور دردناک واقعے میں صوبہ کنڑ ضلع ناڑی میں بچوں سمیت ایک خاندان کے 6 افراد شہید کر دیے گئے۔

میڈیا کو مجاہدین کا پیغام:

افغانستان پر صلیبی جارحیت کے ساتھ ہی میڈیا کو یا تو طاقت اور دولت کے ذریعے خرید اگیا یا نئے میڈیا ادارے کھولے گئے تاکہ ملک کے اندرونی حقائق خفیہ رکھیں۔ عوام کو دھوکہ دینے کے لیے جھوٹا اور منظم شعوری طور پر پروپیگنڈا مہم چلایا جائے۔ تاکہ جنگ کے سارے ثمرات افغانستان کے دشمنوں کو حاصل ہو جائیں۔ امارت اسلامیہ نے بار بار میڈیا کو ان کی ذمہ داریوں کی جانب توجہ دلائی اور ان کی صحافتی ذمہ داریوں سے آگاہ کیا۔ ان سے بار بار مطالبہ کیا کہ وہ انٹیلی جنس اداروں کے آلہ کار بن کر نہ رہیں۔ اپنی پیشہ ورانہ دیانت کے ساتھ حقائق لوگوں کو اور دنیا تک پہنچائیں۔

امریکی مجاہدین کا نیا اتحاد:

امریکا اور اس کے اتحادیوں کی جانب سے افغانستان پر جارحیت کے بعد شمال میں مجاہدین کے نام سے جمع ہونے والے چوروں اور چاپلوسوں نے اپنے تمام وسائل ان کے اختیار میں دے دیے۔ اور چند ٹکوں کی خاطر اس بات پر تیار ہو گئے کہ صف اول میں کھڑے ہو کر مسلمان اور حریت پسند قوم سے لڑیں۔ ان کی جانب سے یہ جنگ اب بھی جاری ہے۔ مگر انتہائی ہٹ دھرمی سے یہ لوگ اب بھی خود کو مجاہدین کا خطاب دیتے ہیں۔

منصب اور لوٹ مار کے ان شوقین لوگوں نے 15 سالوں سے رسوائیاں اور ذلتیں اٹھائیں، ان ذلتوں میں سے ایک ایساف کے مفتی کو انتخابات میں مطلوبہ کرسی نہ ملنا تھا۔ اس لیے یہ چور اور جنگجو سمجھ رہے ہیں کہ کٹھ پتلی انتظامیہ ان سے برا سلوک کر رہی ہے اور جہاد کا سابقہ رکھنے والے لوگوں کو دیوار سے لگا رہی ہے۔ اسی لیے یہ لوگ ایک بار پھر جمع ہو رہے ہیں اور افغانستان کے استحکام کے نام سے ایک اور شوریٰ تشکیل دے رہے ہیں۔ شوریٰ بنانے کا اصل مقصد بھی حسب سابق صلیبی آقاؤں سے ملت فروشی کے لیے نئے طریقے سے دولت حاصل کرنا ہے۔ اور ان گندگیوں کو دوبارہ حاصل کرنا ہے جو حال ہی میں ان کی خدمات کی ضرورت ختم ہو جانے پر ان کے آقاؤں نے ان کے لیے بند کر رکھے تھے۔

اقوام متحدہ، جارحیت پسندوں کا آلہ کار:

اقوام متحدہ کی تنظیم نے بھی افغانستان کی جنگ کے پورے دورانیے میں اب تک جارح قوتوں کا ساتھ دیا ہے۔ اقوام متحدہ کو افغانستان کے مظلوم عوام کے خلاف استعمال کیا جا رہا ہے۔ اقوام متحدہ کے جانبدارانہ فیصلوں میں سے ایک یہ ہے کہ اس نے 22 دسمبر کو امارت اسلامیہ پر اپنی عائد کردہ پابندیوں میں ایک سال کی توسیع کر دی۔ یہ پابندیاں جس میں امارت اسلامیہ کے ارکان کی بلیک لسٹ بھی شامل ہے 2001 سے ہماری قوم پر مسلط کر دی گئی ہے۔ امارت اسلامیہ نے ایک اعلامیہ کے ذریعے ان کی اقوام متحدہ کی پابندیوں اور حد بندیوں کو ملک میں جنگ کو طول دینے کا ایک عامل اور ایک جانبدارانہ فیصلہ قرار دیا ہے۔

نیشنل سیکیورٹی کا ادارہ:

نیشنل سیکیورٹی کا جو ادارہ گزشتہ ایک سال پہلے بنایا گیا تھا۔ اس کے بنے ہوئے ایک سال ہو چکا ہے۔ یہ ادارہ ملت فروشوں اور بے اختیار لوگوں سے تشکیل دیا گیا ہے۔ اس کی لاقانونیت اور بدامنی کی ایسی شرمناک مثالیں پیش آ رہی ہیں جس کی نظیر پوری دنیا میں کہیں نہیں ملتی۔ گذشتہ ماہ کی رپورٹ میں بھی ایسے بہت سے واقعات اٹھائے گئے ہیں اس کے چند نمونے یہاں پیش کیے جا رہے ہیں۔

یکم دسمبر کو کابل انتظامیہ کے حکام میں سے ایک اعلیٰ سطحی فرد نے صوبہ کاپیسا میں کہا تھا کہ: اس صوبے کے مقامی حکام اپنے ذاتی مسلح لشکر تشکیل دے رہے۔ 27 دسمبر کو

میڈیا نے رپورٹ دی کہ پارلیمنٹ کے سیکرٹری جنرل کی فوج نے داعش کے لوگوں کے سرکاٹ دیے ہیں۔

نیشنل سیکیورٹی کا ادارہ شدید ترین سیاسی اختلافات کا شکار ہے۔ بلکہ عسکری بد نظمی اور اختلافات بھی اپنے عروج پر ہیں۔ جس کی وجہ سے اس کے ارکان کے درمیان ہاتھاپائی تک بھی نوبت پہنچ جاتی ہے۔ اس حوالے سے افغانستان کے سٹریٹجک سٹڈی کے انسٹیٹیوٹ نے مختلف صوبوں میں اس موضوع پر تحقیق کرنے کے بعد 2 دسمبر کو اعلان کیا کہ کابل انتظامیہ کی فوج کی آپس کی جنگ اور جارحیت پسندوں پر کابل فوج کی جانب سے حملوں کی وجہ ان اداروں میں فکری اختلافات اور علیحدگیاں ہیں۔

اس تحقیق کی اشاعت کے بعد 18 دسمبر کو ایک بار پھر کابل انتظامیہ کی صفوں میں آپس کے اختلافات سامنے آگئے ہیں۔ اس بار غزنی ضلع انڈڑ کے اربکیوں اور افغان آرمی کے اہلکاروں نے تین گھنٹے تک ضلعی آفس اور پولیس ہیڈ کوارٹر کی عمارت کو محاصرے میں رکھا اور ان کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ بھی ہوا۔ بتایا گیا ہے کہ اس واقعے میں دونوں فریقوں کو قابل ذکر نقصانات پہنچے۔

کابل انتظامیہ ایک جانب گڈ گورننس اور بہترین تعلیم وتربیت کے حوالے سے مبالغہ آرائی سے کام لیتی ہے اور مجاہدین پر تعلیمی اداروں کی بندش کا الزام لگاتی ہے۔ تو دوسری جانب 3 دسمبر کو کابل انتظامیہ کی جانب سے قندوز کے گورنر نے وہاں موجود افغان فوج کو حکم دیا کہ اپنی آخری حد تک کوشش کریں کہ مجاہدین کے علاقوں میں تعلیمی ادارے بند کردیں۔

نیشنل سیکیورٹی کے ادارے نے اپنے آغاز کے ساتویں روز ہی اپنے آقاوں کے ساتھ ملک فروشی کے معاہدے پر دستخط کردیے۔ جس کے مطابق بیرونی فوجی خود اپنی مرضی سے رات کو آپریشن اور کارروائی نہیں کرسکتے مگر اس کے کچھ روز بھی نہ گذرے تھے کہ بیرونی آقاوں نے اس معاہدے کی مخالفت کی۔ 6 دسمبر کو جارحیت پسندوں نے پکتیکا ضلع گیان میں رات کو آپریشن کیا اور 12 بے گناہ ہم وطنوں کو شہید کردیا۔ اس کے علاوہ 14 دسمبر کو میڈیا نے مجاہدین کے خلاف جنگ میں امریکی فوجیوں کی شرکت کی خبریں بھی نشر کیں۔

دوسری جانب حکومتی اہلکاروں اور ملازمین سمیت ہمارے ملک کے عام شہری اپنے ملک سے فرار ہورہے ہیں۔ 9 دسمبر کو میڈیا نے افغان فضائیہ کے دو افسران کی امریکا فرار کی خبریں نشر کیں۔

کابل انتظامیہ کے عجائبات میں سے ایک انٹیلی جنس سربراہ کا پراسرار استعفی تھا۔ انٹیلی جنس سربراہ نے 10 دسمبر کو اس وقت استعفی دیا جب انہوں نے کابل انتظامیہ پر شدید تنقید کی اور کہا کہ استعفی کی وجہ افغان صدر کی جانب سے خاد کا دائرہ کار تنگ کرنا تھا۔

ان کے استعفی کے بعد ان پر الزام لگایا گیا کہ وہ بیرونی ممالک کے لیے جاسوسی کررہے تھے اور یہ اندازہ لگایا جارہا تھا کہ انہیں جلد عدالت میں طلب کرلیا جائے گا۔ مگر گرفتاری سے پہلے ہی وہ بیرونی ملک فرار ہوکر چلے گئے۔ اس کے بعد مقامی سربراہ نے بھی 13 دسمبر کو استعفاء دے دیا اور بہت جلد امریکا پہنچنے کی امید پر ملک چھوڑ کر چلا گیا۔

اس کے علاوہ انٹیلی جنس ادارے کے سیکرٹری نے بھی سربراہ نہ بنائے جانے کی وجہ سے اپنا استعفاء پیش کردیا۔ اس طرح کی ایک اور خبر میں افغان صدر کے مشیر برائے انسانی حقوق کو بھی معطل کردیا گیا ہے۔ 24 دسمبر کو میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کابل انتظامیہ شدید دباو کا شکار ہے اور تنخواہوں کی ادائیگی روکنے پر مجبور ہے۔

کابل انتظامیہ ایک جانب داعش کے خلاف لڑرہی ہے تو دوسری جانب 12 دسمبر کو روسی میڈیا ادارے تاس نے کابل انتظامیہ کے دو اعلی حکام پر داعش سے تعاون کا الزام لگایا۔

22 دسمبر کو ننگرہار ضلع سرخ رود کے لوگوں نے بتایا کہ ہم نے دیکھا کہ تورغرہ پر امریکی ہیلی کاپٹر سے نقاب پوش اتر رہے تھے۔ بتایا جاتا ہے کہ افغانستان میں داعش کا وجود کابل انتظامیہ کی تاسیسات میں سے ہے۔ تاکہ اس سے امریکا کو یہاں طویل قیام کا بہانا مل سکے۔

کابل انتظامیہ کی سب سے حیران کن خبروں میں سے آخری خبر یہ ہے کہ 21 دسمبر کو صوبہ بلخ کے گورنر نے اپنے آقاوں سے مطالبہ کیا کہ انہیں اکیلا نہ چھوڑیں۔ 30 دسمبر کو ناٹو کے مقامی سربراہ نے علاقے کا دورہ کرنے کے بعد امریکا سے مطالبہ کیا کہ یہاں مزید فوج بھیجی جائے۔ حالانکہ کابل اور امریکا معاہدے کے مطابق 2015 کے بعد امریکا افغانستان بھر سے اپنی فوج سمیٹے گا اور متعین اڈوں میں رکھا گا۔

⊙⊙⊙

جنگی جرائم

دسمبر 2015

سید سعید

یکم دسمبر 2015ء کو صوبہ ننگرہار ضلع غنی خیل کے علاقے سیاہ چوب میں افغان فورسز نے مقامی آبادی پر چھاپے کے دوران گھر گھر کی تلاشی لی۔ لوگوں کو تشدد کا نشانہ بنایا۔ چار افراد کو حراست میں لیا اور گھروں سے قیمتی اشیاء بھی لوٹ کر لے گئے۔

3 دسمبر کو صوبہ زابل ضلع شینکی کے علاقے ڈب میں افغان فورسز نے مقامی آبادی پر راکٹ فائر کیا، جو سیلانی اکا نامی شخص کے گھر پر جا گرا، جس کے نتیجے میں ایک خاتون شہید ہوگئی۔

4 دسمبر کو صوبہ میدان وردگ ضلع سید آباد کے علاقے اوتڑی میں افغان فورسز کے راکٹ حملے میں دس افراد شہید اور آٹھ زخمی ہو گئے، جن میں معصوم بچے بھی شامل ہیں۔ عینی شاہدین کے مطابق یہ واقعہ اس وقت پیش آیا، جب لوگ مسجد کے باہر جمع ہو گئے تھے۔ اس دوران فورسز کی چیک پوسٹ سے ایک راکٹ آ کر ان کے درمیان پھٹ گیا، جس کے باعث کئی افراد شہید اور زخمی ہوئے۔ اس واقعہ کے بعد مشتعل افراد نے کابل-قندھار قومی شاہراہ بلاک کر دی، جس سے ٹریفک جام ہو کر گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں۔ مظاہرین نے حکومت کے خلاف شدید نعرہ بازی کی۔ مذکورہ واقعہ کی تحقیقات اور قاتلوں کو سزا دینے کا مطالبہ کیا۔ میدان وردگ کے سرکاری حکام نے بھی اس واقعہ کی تصدیق کی ہے۔

5 دسمبر کو صوبہ قندوز ضلع چہاردرہ کے مضافات میں پولیس نے ایک شخص کو شہید اور ایک کو زخمی کر دیا۔

12 دسمبر کو صوبہ ہلمند ضلع ناوی کے علاقے ہدرے میں فورسز کی جانب سے راکٹ داغا گیا، جو ایک گھر پر گرا، جس کے نتیجے میں ایک خاتون، ایک آدمی اور دو بچے شہید ہوگئے۔

14 دسمبر کو صوبہ قندوز ضلع دشت آرچی کے علاقے کلباد میں قابض افواج اور افغان فورسز کی مشترکہ کارروائی میں ایک شخص 'دلدار' شہید ہوگیا۔ اسی دن صوبہ غزنی ضلع دیک کے علاقے شیرا قلعہ میں قابض اور افغان فورسز نے مشترکہ طور پر رات کی تاریکی میں مقامی آبادی پر چھاپہ مارا۔ گھروں کی تلاشی لی۔ عینی شاہدین کے مطابق چھاپے کے دوران انہوں نے چادر اور چار دیواری کا تقدس پامال کیا۔ بعد ازاں ایک مسجد پر بمباری کی، جس کے نتیجے میں پیش امام 'مولوی نصر اللہ' محلے کا ایک شخص 'محمد عمرجان' اور مدرسے کے چار طلبہ شہید ہوگئے۔

15 دسمبر کو غزنی میں مقامی لوگ لاشیں تدفین کے لیے قبرستان لے جا رہے تھے، جس پر افغان فورسز نے پھر حملہ کیا، جس کے نتیجے میں حاجی محمد شاہ خان نامی شخص شہید اور دو مزید افراد حاجی محمد شریف اور محمد نبی زخمی ہوگئے۔

16 دسمبر کو قابض افواج نے رات کی تاریکی میں صوبہ ہلمند ضلع خانشین کے علاقے قلعہ نو میں چھاپے کے دوران چار افراد کو شہید کر دیا۔ اسی دن صوبہ ننگرہار ضلع بٹی کوٹ کے علاقے چہاردہی میں جارحیت پسندوں نے مقامی آبادی پر چھاپہ مار کر شہریوں کو تشدد کا نشانہ بنایا۔ ایک شخص کو شہید اور دو کو زخمی کرکے نامعلوم مقام کی طرف منتقل کر دیا۔

22 دسمبر کو صوبہ جوزجان ضلع فیض آباد کے علاقے کوکلداش میں پولیس نے ایک خاتون اور ان کے بیٹے کو شہید کر دیا۔ اسی دن صوبہ ننگرہار ضلع غنی خیل کے علاقے ڈاگی میں فورسز نے آپریشن کیا، مقامی لوگوں کے گھروں کی تلاشی لینے کے دوران انہیں تشدد کا نشانہ بنایا اور دو افراد کو حراست میں لے لیا۔

28 دسمبر کو صوبہ ہلمند ضلع سنگین کے بازار کے قریب چیناری گاؤں میں قابض افواج نے افغان فورسز سے مل کر چھاپہ مارا، جس میں ایک شخص کو زخمی کر دیا۔ دو ڈاکٹروں سمیت تین افراد کو حراست میں لیا گیا۔

اقتباسات: بی بی سی، آزادی ریڈیو، افغان اسلامک اور پژواک، روزنامہ سرنوشت، خبریال، لراوبر، نن ایشیا اور بینوا ویب سائٹس

ربیع الاول کے مہینے میں ہونے والے کارروائیوں کا جدول

نمبر شمار	صوبہ	کارروائیوں کی تعداد	فدائی حملے	دشمن کے مالی اور جانی نقصانات					عام شہریوں اور مجاہدین کی جانی نقصانات		
				صلیبیوں کی اموات	صلیبیوں کے زخمی	اجنٹوں کی ہلاکتیں	اجنٹوں کے زخمی	فوجی گاڑیوں اور ٹینکوں کی تباہی	مجاہدین کے شہداء	مجاہدین کے زخمی	گاڑیوں کی تباہی
-1	قندھار	34	0	0	0	45	15	9	1	0	0
-2	ہلمند	91	1	2	3	234	83	67	5	6	1
-3	غزنی	18	0	0	0	22	12	6	1	0	0
-4	خوست	36	0	0	0	71	24	10	4	0	0
-5	نورستان	14	0	0	0	30	45	7	1	8	0
-6	میدان وردگ	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0
-7	کونڑ	15	0	0	0	15	22	10	0	1	0
-8	پکتیکا	16	0	0	0	16	1	6	0	0	0
-9	زابل	22	0	0	0	28	12	1	0	0	0
-10	لوگر	16	0	0	0	26	7	3	2	2	0
-11	کاپیسا	71	0	0	0	52	26	8	0	0	0
-12	روزگان	15	0	0	0	12	22	7	0	0	0
-13	پکتیا	29	0	0	0	30	33	5	1	0	0
-14	فراہ	36	0	0	0	60	30	10	1	0	0
-15	کابل	14	3	10	0	33	22	12	2	0	2
-16	ننگرہار	41	0	0	0	51	30	6	3	3	0
-17	لغمان	34	0	0	0	68	46	9	1	0	0
-18	ہرات	6	0	0	0	10	2	1	0	0	0
-19	نیمروز	14	0	0	0	15	12	5	0	0	0
-20	بادغیس	10	0	0	0	20	13	3	0	0	0
-21	قندوز	15	0	0	0	17	16	5	0	0	0
-22	بغلان	31	0	0	0	56	27	9	1	3	0
-23	فاریاب	15	0	0	0	17	17	3	0	3	0
-24	غور	6	0	0	0	14	6	0	0	0	0
-25	پروان	8	1	19	0	4	0	3	1	0	1
-26	تخار	3	0	0	0	19	4	0	0	2	0
-27	سمنگان	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0
-28	بدخشان	7	0	0	0	14	25	3	0	0	0
-29	بامیان	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0
-30	بلخ	7	0	0	0	7	4	4	0	0	0
-31	جوزجان	10	0	0	0	16	9	4	0	1	0
-32	دائی کنڈی	5	0	0	0	9	2	0	0	0	0
-33	سرپل	6	0	0	0	27	10	1	1	0	0
-34	پنجشیر	0	0	0	0	0	0	0	0	0	0
مجموعہ		645	5	31	3	1038	577	217	25	29	4

دشمن کے گرائے جانے والے طیارے : 1- ہلمند میں ایک ہیلی کاپٹر

KATO

SHARIAT

Monthly Islamic Magazine

4th Year February 2016

ماہنامہ شریعت چوتھے سال کا کلیکشن